ABC CERTIFIED

وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 06 | پیر 20 جولائی 2026ء 05 صفر المظفر 1448ھ | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 318

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

آزاد کشمیر الیکشن، شیر کا تاریخی شکار ہوگا، بلاول بھٹو

کشمیر کا مستقبل کسی کی جیب میں نہیں بلکہ کشمیریوں کے ہاتھ میں ہے، کشمیریوں کے خلاف بیان دینے والوں کو وزارت میں بیٹھنے کا کوئی حق نہیں

جو ایف آئی آر کٹوا رہے ہیں یہ مت سوچنا ہم آپ کو بھول لیں گے، الیکشن ہونے دیں میں خود آپ کو دیکھ لوں گا، چیئرمین پیپلز پارٹی کا کوٹلی جلسہ سے خطاب

کوٹلی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے انتخابات میں ن لیگ کو ایسی شکست ہوگی کہ تاریخ یاد رکھے گی، پیپلز پارٹی ہی حکومت بنائے گی، عوام نے موقع دیا تو ہر فورم پر کشمیر کی آواز بنیں گے۔ کوٹلی میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بلاول نے کہا کہ حکومت بنانے کے لیے وہ کوٹلی سے ہر سیٹ پر جیتنا چاہتے ہیں، کشمیر کا مستقبل کسی کی جیب میں نہیں بلکہ کشمیریوں کے ہاتھ میں ہے، فیصلہ کشمیر کے عوام کریں گے۔ بلاول نے کہا کہ مسلم لیگ ن کے وزیر کشمیریوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، وزیر دفاع کے بیان پر اب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر شیخ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ریاستی اداروں کیخلاف سوشل میڈیا مہم، نورین کو نوٹس

نورین نیازی کو سائبر کرائم رپورٹنگ سینٹر اسلام آباد میں پیش ہونے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کی بہن نورین نیازی کو ریاستی اداروں کے خلاف مبینہ طور پر سوشل میڈیا پر مہم پر نوٹس جاری کرتے ہوئے 20 جولائی کو طلب کرلیا ہے۔ این سی آئی اے کی جانب سے جاری نوٹس میں کہا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

بحرین، کویت، اردن کی پاکستان کیساتھ دفاعی معاہدوں میں دلچسپی

کویت (صباح نیوز)، بحرین اور اردن نے پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون بڑھانے میں گہری دلچسپی ظاہر کی ہے۔ عرب نیوز (Arab News) کے مطابق ان ممالک میں پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدوں، اسلحہ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں، وفاقی وزراء

بانی پی ٹی آئی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے، طارق فضل، طلال چودھری

پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنیوالوں کیخلاف ایکشن ہوگا، نورین نیازی کے بیان پر کارروائی شروع کردی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزراء طارق فضل چودھری اور طلال چودھری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر طارق فضل چودھری نے کہا کہ معرکہ حق ایک تاریخی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کوٹلی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

12 ارب کا اسکینڈل، فیسکو کے 2 فراڈیے سابق چیف ایگزیکٹو گرفتار

2007 سے 2015 کے دوران دو نجی کمپنیز نے فیسکو حکام کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی بجلی خرید و فروخت کے ذریعے قومی خزانے کو تقریباً 11 ارب 96 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا

لائسنس کے بغیر بجلی فروخت کی گئی اور معاہدہ ختم ہونے کے بعد بھی سپلائی جاری رہی، ملزمان 5 روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے، دیگر کا نام ای سی ایل میں شامل

لاہور (بیورو رپورٹ) فیصل آباد ایف آئی اے نے پاور سیکٹر میں مبینہ 12 ارب روپے کے کرپشن اسکینڈل پر فیسکو کے 2 سابق چیف ایگزیکٹو افسران کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے مطابق 2007 سے 2015 کے دوران دو نجی کمپنیز نے فیسکو حکام کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی بجلی خرید و فروخت کے ذریعے قومی خزانے کو تقریباً 11 ارب 96 کروڑ روپے کا نقصان پہنچایا۔ ملزمان پر الزام ہے کہ لائسنس کے بغیر بجلی فروخت کی گئی اور معاہدہ ختم ہونے کے بعد بھی سپلائی جاری رہی۔ ایف آئی اے نے فیسکو کے دو سابق سی ای او خورشید عالم اور احمد سعید اختر کو گرفتار کر کے عدالت سے پانچ روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کرلیا، جبکہ دیگر ملزمان کے نام ای سی ایل میں شامل کروا دیے ہیں۔

بلاول کی تقاریر حالات خراب کرسکتی ہیں: رانا ثنا

وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی تقاریر حالات خراب کرسکتی ہیں۔ ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے بلاول بھٹو زرداری کے بیان کو نامناسب قرار دیا۔ رانا ثنا اللہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

ایران کی معاہدہ سے دستبرداری کی پروا نہیں: ٹرمپ

جنگ کا بنیادی مقصد ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے دینا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں ایران کے عبوری معاہدے سے دستبرداری کی ذرا بھی پروا نہیں۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق امریکی صدر نے امریکی کیبل نیوز نیٹ ورک نیوز نیشن کو ایک مختصر ٹیلی فونک انٹرویو دیا، جب ان سے تہران کے اس اعلان کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ گزشتہ ماہ امریکہ اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

بنو قابل پروگرام گیم چینجر، ملک تعلیمی آپریشن سے آگے بڑھے گا، حافظ نعیم الرحمن

حکومت و ریاست کا فرض اور عوام کا حق ہے کہ مفت اور معیاری تعلیم دی جائے، چوتھے سالانہ کانووکیشن سے خطاب

پاکستان میں آئی ٹی ایکسپورٹ میں 6.4 ملین ڈالر کا اضافہ ہوا اس میں بنو قابل کا بھی حصہ شامل ہے، نوید علی بیگ سی ای او الخدمت

کراچی، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم بنو قابل تقریب تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے اتوار کی شب یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس میں الخدمت بنو قابل پروجیکٹ کے تحت چوتھے سالانہ کانووکیشن تقریب تقسیم اسناد میں شریک ہزاروں طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بنو قابل پروگرام گیم چینجر بن گیا ہے، ملک کسی اور آپریشن سے نہیں تعلیمی آپریشن سے آگے بڑھے گا جس کا جو کام ہے وہ اپنے حصے کا کام کرے، پاکستان کے نوجوانوں میں پوٹینشل موجود ہے وہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

نورین نیازی کا منفی بیان شرمناک اور ریاست مخالف، بلال کیانی

ریاست اور قومی سلامتی کیخلاف ایسے بیانیے کسی بھی معاشرے میں قابل قبول نہیں

اسلام آباد (اے پی پی): وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی کی بہن نورین نیازی کے حالیہ بیان کی شدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

جہلم (حاجی مخدوم حسین چوہدری) سے وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "رکاوٹوں سے پاک اور خوبصورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

افسوس! آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے، خواجہ آصف

آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، وفاقی وزیر دفاع

کشمیری مہاجرین قابل قدر، ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا، کارکنوں سے خطاب

سیالکوٹ (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ کشمیر ہماری شہ رگ ہے، آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے، آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ الیکشن کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کیساتھ کھڑی ہے، محسن نقوی

19 جولائی 1947ء کی قرارداد کشمیری عوام کی اجتماعی امنگوں کی حقیقی ترجمان

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یوم الحاقِ پاکستان کے موقع پر جموں و کشمیر کے عوام کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کشمیری شہداء اور تحریکِ آزادی کی قیادت کی قربانیوں کو سراہا اور کشمیریوں کے حقِ خودارادیت کے لیے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ اتوار کو اپنے خصوصی پیغام میں وزیر داخلہ نے کہا کہ کشمیری شہداء اور حریت رہنماؤں نے دہائیوں پر محیط جدوجہد اور قربانیوں کے ذریعے آزادی کی شمع روشن رکھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

یوسف رضا گیلانی سے باکسر عامر خان کی ملاقات

نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے عالمی شہرت یافتہ برطانوی پاکستانی باکسر عامر خان نے آج اسلام آباد میں انکی سرکاری رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نوجوانوں کی مثبت سرگرمیوں، کھیلوں کے فروغ، بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص، اوورسیز پاکستانیوں کے کردار، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

جدید فضائی دفاعی نظام سے امریکی MQ-9 ڈرون مار گرایا، ایران

تہران (آئی این پی) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ پاسدارانِ انقلاب کی ایرو اسپیس فورس نے ملک کے جنوب مغربی شہر اہواز کی فضائی حدود میں ایک امریکی MQ-9 ریپر ڈرون کو جدید فضائی دفاعی نظام کے ذریعے مار گرایا ہے۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

گلگت، چیئرمین این ڈی ایم اے گلگت بلتستان کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان اور چین میں شراکت داریاں انتہائی ناگزیر ہیں، مصطفی کمال

مہارتیں ہی معاشی ترقی کی بنیاد ہیں، چیئرمین نیوٹیک قمر الاسلام راجہ

پاکستان اور چین کے درمیان TVET تعاون کو استحکام بارے فورم سے خطاب

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) نے بیجنگ میں پاکستانی سفارت خانے کے تعاون سے، میرٹ ہوٹل اسلام آباد میں فارماسوٹیکل، ہیلتھ کیئر اور بائیو ٹیکنالوجی پر منعقدہ پاکستان-چین بی ٹو بی (B2B) انویسٹمنٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

لاہور، وزیر اطلاعات کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ

لاہور (آئی این پی) لاہور کے علاقے ڈیفنس میں وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ کرنے والے نوجوان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق کار سوار نوجوان نے وفاقی وزیر کی گاڑی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

کینیڈین وزیر خارجہ آج پاکستان دورہ پر پہنچے گی

پاکستان اور کینیڈا کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات قائم ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (اے پی پی): نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند 20 جولائی کو پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گی۔ وزارت سنبھالنے کے بعد انیتا آنند کا یہ پاکستان کا پہلا دورہ ہوگا۔ اتوار کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق دورے کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور کینیڈین وزیر خارجہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

نورین خان کی ہرزہ سرائی بھارت پروپیگنڈا کرنے لگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی گودی میڈیا نے نورین نیازی کے متنازع بیان کو پاکستان کیخلاف پروپیگنڈے کا ہتھیار بنالیا۔ بانی پی ٹی آئی کی بہن مذموم سیاسی عزائم کیلئے ملکی سلامتی کے اداروں کیخلاف گمراہ کن پروپیگنڈا میں مصروف ہیں، نورین نیازی ملک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

مانسہرہ، بارشوں نے تباہی مچادی، سڑکیں بند، بجلی نظام درہم برہم

کھڑی فصلیں درجنوں درخت جڑ سے اکھڑ گے، امدادی کارروائیاں جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ جبوڑی و دیگر علاقوں میں بارشوں نے تباہی مچا دی، دریائے سرن میں شدید طغیانی، پانی کے بھاؤ میں بھی اضافہ، بانڈہ سیج کے علاقوں روڑی اور ڈوڈا میں کلاؤڈ برسٹ کے سیلابی ریلے نے شدید تباہی پھیلادی، کئی علاقوں میں لکڑی کے شہتیر پانی میں بہنے و بعض مکانات کو نقصان پہنچنے کی اطلاع کے علاوہ کئی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور رابطہ سڑکیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد، وفاقی وزیر مصطفی کمال، چیئرمین نیوٹیک انجینئر قمر الاسلام راجہ و دیگر تقریب میں قومی ترانہ کے احترام میں کھڑے ہیں

امریکا کو ناقابلِ فراموش سبق سکھایا جائے گا: خامنہ ای

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی سرکاری ٹی وی پر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای سے منسوب ایک نیا تحریری پیغام پڑھ کر سنایا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ شیطان بزرگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

کوئٹہ، کراچی قومی شاہراہ پر بس پر فائرنگ، 4 افراد زخمی

کوئٹہ (صباح نیوز) مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر مسلح افراد نے محکمہ تعلیم بلوچستان کی ایک کوسٹر بس پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

ایرانی وزیر خارجہ کا عراقی ہم منصب سے رابطہ

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عراقی ہم منصب فواد حسین سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق دونوں رہنماؤں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

راولاکوٹ میں آج ملازمین کی پولنگ ملتوی

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر عام انتخابات 2026 کے سلسلے میں آج 20 جولائی 2026 بروز پیر کو ہونے والی سرکاری ملازمین کی خصوصی پولنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

گوشت کی برآمدات، پاک چین تعاون پر اتفاق

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور چین نے لائیو اسٹاک اور گوشت کی برآمدات کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین کی زیر صدارت چینی وفد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

ایرانی وزیر داخلہ کا اعلیٰ سطحی وفد کیساتھ دورہ پاکستان متوقع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر داخلہ سکندر مومنی کا پاکستان کا دورہ متوقع ہے، ذرائع کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی دعوت پر پاکستان آئیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دورے کے دوران ایرانی وزیر داخلہ محسن نقوی سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

پاکستان کا سب سے بڑا یوتھ پیکیج، امید سے عمل تک"

چھ لاکھ لیپ ٹاپ کی تقسیم مزید ایک لاکھ فراہم کرنے کا اعلان خوش آئند ہے

وزیراعظم پروگرام تعلیم، روزگار، انٹرن شپ، اسکالرشپ اور کاروباری مواقع سے جوڑنے والا جامع پلیٹ فارم ہے

لاکھوں نوجوان اس پلیٹ فارم سے استفادہ کر رہے ہیں جو ڈیجیٹل دور میں ایک اہم پیش رفت ہے

حالیہ نوجوان دوست بجٹ تعلیم، ہنرمندی، ٹیکنالوجی، کھیل کو خاص اہمیت دی گئی

نوجوانوں پر خرچ ہونے والی ہر رقم دراصل پاکستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے

باد سحر

آمنہ ثمر

پاکستان ایک ایسے تاریخی مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں اس کی سب سے بڑی طاقت اس کی نوجوان آبادی ہے۔ دنیا بھر میں آبادیاتی تبدیلیاں معاشی اور سماجی ترقی کے نئے امکانات پیدا کر رہی ہیں اور پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جہاں نوجوانوں کا تناسب غیر معمولی حد تک زیادہ ہے۔ اندازوں کے مطابق ملک کی تقریباً 70 فیصد آبادی 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے۔ یہی نوجوان نسل پاکستان کی معیشت، صنعت، زراعت، ٹیکنالوجی، تعلیم اور سماجی ترقی کا مستقبل متعین کرے گی۔ اگر انہیں معیاری تعلیم، جدید مہارتیں، روزگار کے مواقع اور کاروباری معاونت فراہم کی جائے تو یہی نوجوان پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

اسی تناظر میں وفاقی حکومت نے مالی سال 2026-27 کے بجٹ میں نوجوانوں کی ترقی کو خصوصی ترجیح دی ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں پیش کیے گئے اس بجٹ کو نوجوان دوست بجٹ قرار دیا جا رہا ہے کیونکہ اس میں تعلیم، ہنرمندی، کاروباری ترقی، ٹیکنالوجی، کھیل اور سماجی شمولیت سمیت نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبوں کے لیے خطیر فنڈز مختص کیے گئے ہیں۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ نوجوانوں پر خرچ ہونے والی ہر رقم دراصل پاکستان کے مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔

وفاقی بجٹ میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے لیے 58.40 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ مختلف وزارتوں اور اداروں کے ذریعے نوجوانوں کے لیے مزید 21 ارب روپے کے منصوبے شامل کیے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر یہ پاکستان کی تاریخ میں نوجوانوں کے لیے سب سے بڑی سرکاری سرمایہ کاری ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت نوجوانوں کو صرف فلاحی پالیسی کا حصہ نہیں بلکہ قومی ترقی کی بنیاد سمجھتی ہے۔

نوجوانوں کی معاشی خودمختاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے وزیراعظم یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون اسکیم کو مزید وسعت دی گئی ہے۔ اس منصوبے کے لیے 4.22 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اس اسکیم کے تحت نوجوانوں کو بلاسود یا کم شرح منافع پر قرض فراہم کیے جاتے ہیں تاکہ وہ اپنا کاروبار شروع کر سکیں، زرعی منصوبے قائم کر سکیں یا جدید ٹیکنالوجی پر مبنی اسٹارٹ اپس متعارف کرا سکیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اب تک اس پروگرام کے ذریعے 365 ارب روپے سے زائد کے قرضے تقسیم کیے جا چکے ہیں جس سے لاکھوں نوجوان مستفید ہوئے اور تقریباً بیس لاکھ کے قریب روزگار کے مواقع پیدا ہوئے۔

پاکستان کو درپیش سب سے بڑا مسئلہ نوجوانوں میں بے روزگاری ہے۔ ہر سال لاکھوں نوجوان تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل ہو کر ملازمتوں کی تلاش میں نکلتے ہیں لیکن محدود معاشی مواقع کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حکومت نے اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کو ملازمت کے متلاشی کے بجائے ملازمتیں پیدا کرنے والا بنانے کی حکمت عملی اپنائی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کاروباری قرضوں کے ساتھ ساتھ آئی ٹی اسٹارٹ اپس اور وینچر کیپیٹل کے لیے بھی 3 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ نوجوان اختراع کاروں اور ٹیکنالوجی کے شعبے سے وابستہ افراد کو اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کا موقع مل سکے۔

موجودہ دور میں تعلیم کے ساتھ جدید مہارتوں کا حصول بھی ناگزیر ہو چکا ہے۔ مصنوعی ذہانت، ڈیٹا سائنس، سائبر سیکیورٹی، بلاک چین، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ جیسے شعبے دنیا بھر میں تیزی سے ترقی کر رہے ہیں۔ پاکستان اگر عالمی معیشت میں مؤثر کردار ادا کرنا چاہتا ہے تو اسے اپنی نوجوان نسل کو ان جدید علوم اور مہارتوں سے آراستہ کرنا ہوگا۔ اسی مقصد کے لیے حکومت نے یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت 9.9 ارب روپے سے زائد مختص کیے ہیں۔ اس پروگرام کے ذریعے نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق تربیت فراہم کی جائے گی تاکہ وہ ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں میں روزگار حاصل کر سکیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk

پاکستان کے قابلِ فخر فضائی محافظ بنیئے

بذریعہ شمولیت پی اے ایف کالج سرگودھا

SARGODHA PAF COLLEGE AIM HIGH

پاک فضائیہ میں بطور جی ڈی (پائلٹ) بننے کے لیے باہمت اور ذہین طلباء کے لیے آٹھویں جماعت میں داخلہ کا شاندار موقع

آن لائن رجسٹریشن: 10 اگست تا 05 ستمبر 2026ء www.joinpaf.gov.pk پر

پی اے ایف کالج سرگودھا ایک انگلش میڈیم اقامتی ادارہ ہے جو روایتی پبلک اسکول کی طرز پر چلایا جا رہا ہے۔ کالج ہذا میں منتخب طلباء کو آٹھویں سے بارھویں جماعت تک معیاری تعلیم دی جاتی ہے۔ بعدازاں سلیکشن کے مراحل سے کامیاب ہونے والے طلباء کو مزید تعلیم اور فلائینگ کی تربیت کے لیے پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان رسالپور بھیجا جاتا ہے۔ تعلیمی سال 2027ء کے لیے آٹھویں جماعت میں داخلوں کا آغاز ہوگیا ہے۔ طلباء کو رہائش تعلیم، خوراک، میڈیکل، یونیفارم، کتب، اسٹیشنری، کھیلوں کا سامان وغیرہ مفت فراہم کیا جاتا ہے۔ مزید تفصیلات پراسپیکٹس میں موجود ہیں۔ میٹرک کے بعد چند پری کیڈٹس کو آرمی / نیوی کیڈٹ کالجز میں جوائنٹ ملٹری ایجوکیشن ٹریننگ پروگرام (JMET) کے تحت دو سالہ تربیت کے لیے بھیجا جاسکتا ہے بعدازاں پری کیڈٹس پی اے ایف کالج سرگودھا میں واپس شمولیت اختیار کریں گے۔

اہلیت کا معیار

- یکم جنوری 2027ء کو امیدوار کی عمر ساڑھے گیارہ سال سے ساڑھے تیرہ سال کے درمیان ہو۔ • امیدوار کا پاکستان یا آزاد جموں و کشمیر کا مرد شہری ہونا ضروری ہے۔
- داخلہ کے وقت (اپریل 2027ء تک) امیدوار ساتویں جماعت پاس ہو۔
- کیمبرج نظام میں پڑھنے والے طلباء بھی داخلہ کے اہل ہیں۔
- ایسے امیدوار جو نظر کا چشمہ استعمال کرتے ہوں درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

انتخاب کا طریقہ

- امیدواران کے لئے کمپیوٹر پر مبنی ذہانت کے امتحان میں حاضر ہونا ضروری ہے۔ • ذہانت کے امتحان میں کامیاب امیدوار E-Testing کے ذریعے کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) پر مبنی ریاضی، جنرل سائنس، انگریزی اور اردو کے مضامین کے امتحان میں شرکت کرنے کے اہل ہوں گے جس میں کامیابی کے بعد ابتدائی طبی معائنہ اور انٹرویو مقررہ پی اے ایف انفارمیشن اینڈ سلیکشن سنٹر پر لیا جائے گا۔
- صرف مختصر فہرست میں شامل امیدواران کو ہی حتمی بورڈ انٹرویو اور حتمی طبی معائنہ (CMB) کے لئے بلایا جائے گا۔
- امیدواران کا حتمی انتخاب مجموعی کارکردگی کے لحاظ سے مرتب نتائج کے مطابق ہوگا۔

مزید تفصیلات

بینک چالان فارم پی اے ایف انڈکشن ویب سائٹ www.joinpaf.gov.pk اور کالج کی ویب سائٹ www.pafcollegesargodha.edu.pk پر 20 جولائی 2026ء سے دستیاب ہوگا۔ رجسٹریشن فیس مبلغ -/3,500 روپے ہے۔ چالان فارم مختص بینک میں جمع کروانے کے بعد پراسپیکٹس پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر مورخہ 10 اگست 2026ء سے PAF I&SCs اور دیگر سنٹرز سے (ماسوائے اتوار / چھٹی کے دن) دفتری اوقات میں صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک چالان فارم کی (پی اے ایف آئی اینڈ ایس سیز / دیگر سنٹرز) کاپی جمع کروا کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ آن لائن رجسٹریشن 10 اگست 2026ء سے 05 ستمبر 2026ء تک صرف پی اے ایف انڈکشن ویب سائٹ www.joinpaf.gov.pk پر کی جاسکتی ہے۔ امیدواران کی اپنی ذمہ داری ہوگی کہ وہ رجسٹریشن کے بعد سلپ کا پرنٹ حاصل کریں جس پر ٹیسٹ کی تاریخ، وقت، سنٹر اور دوسری ضروری معلومات موجود ہوں گی۔ آن لائن رجسٹریشن کے لئے آخری تاریخ 05 ستمبر 2026ء ہے۔ امتحان کے دن امیدواران کو رجسٹریشن سلپ / دیگر کاغذات کے ہمراہ ادا شدہ بینک چالان فارم (امیدوار کا پی) متعلقہ پی اے ایف انفارمیشن اینڈ سلیکشن سنٹر پر فراہم کرنا لازمی ہے۔ ابتدائی امتحانات / ای ٹیسٹنگ ستمبر 2026ء کے مہینہ میں لیے جائیں گے۔

کلاسز کا اجراء اپریل 2027ء

پی اے ایف انفارمیشن اینڈ سلیکشن سنٹرز (پی اے ایف آئی اینڈ ایس سیز)

ایبٹ آباد	فیصل آباد	حیدرآباد	کراچی	مظفرآباد	میانوالی	پشاور
310۔ مانسہرہ روڈ، نزد ایوب میڈیکل کمپلیکس فون: 0992-385157, 385166	مین جھنگ روڈ، نزد ایئرپورٹ چوک فون: 041-9201199, 2577799	49۔ صلاح الدین روڈ، کینٹ فون: 022-9200936	مین شاہراہ فیصل نزد پی اے ایف بیس فیصل فون: 021-99240999	شوکت لائنز نزد آرمی پبلک اسکول، کینٹ فون: 05822-923272	فضائیہ روڈ، بالمقابل کسٹم آفس فون: 0459-350037	9۔ دی مال پشاور کینٹ فون: 091-9210829, 5286329

کوئٹہ	ڈیرہ اسماعیل خان	لاہور	کھاریاں	ملتان	راولپنڈی	سکھر
ایم اے جناح روڈ فون: 081-9201753	فضل الٰہی شہید روڈ، نزد بنوں بس اسٹینڈ فون: 0966-9280311	14۔ میو روڈ (نزد پی اے ایف سینما) میو چوک فون: 042-99220084, 36671043	بھمبر روڈ نزد ایئر یونیورسٹی فون: 0323-0411668, 0323-9408339	217۔ شیر شاہ روڈ فون: 061-9201183	3۔ دی مال، بالمقابل اے ایف آئی سی فون: 051-5701143, 5701257-58	بالمقابل گورنمنٹ اسلامیہ کالج، مینارہ روڈ فون: 071-9310409

گلگت	اسکردو	وانا (ساؤتھ وزیرستان)	گوادر (بلوچستان)	سرگودھا
ایف سی روڈ، جوٹیال گلگت فون: 05811-930088	- پی اے ایف بیس قادری - پبلک اسکول اینڈ کالج، سدپارہ روڈ فون: 05815-960200, 960247	گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول فون: 0965-210428	پاکستان نیوی ریکروٹمنٹ سنٹر میرین کمپاؤنڈ نزد بحریہ ماڈل اسکول فون: 086-4211875	پی اے ایف کالج سرگودھا بالمقابل گولڑہ چوک نزد سرکٹ ہاؤس فون: 048-3729702, 3729703

اس کے علاوہ ان سنٹرز پر صرف پراسپیکٹس دستیاب ہیں

پرنسپل پی اے ایف کالج سرگودھا برائے رابطہ 048-3769755, 3729702, 3729703

اوقات کار: صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک (ماسوائے اتوار / چھٹی کے دن)

www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk www.joinpaf.gov.pk

روزنامہ SHEHAR NAMA شہر نامہ اسلام آباد
ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com
پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

خطے کے امن کے خلاف اسرائیلی سازشیں!

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ اسرائیل امریکہ میں عوامی رائے کی جنگ ہار رہا ہے اور یہ ایک سادہ اور واضح حقیقت ہے۔ اس حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ امریکہ، ایران مفاہمتی یادداشت کو ناکام بنانے کے لئے اسرائیل کی جانب سے بھاری رقم خرچ کر کے سازشیں کی گئیں۔ انہوں نے امریکی پوڈکاسٹر جوروگن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل امریکہ کا اتحادی ہے تاہم وہ امریکی سیاست پر اثر انداز ہونے کی کوشش ضرور کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ میں ہم نے بہت پیسہ خرچ کیا ہے اور ہم اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ معاہدہ ہی واحد حل ہے۔ ہم زمینی فوج ایران نہیں بھیجیں گے۔ ان کے بقول اسرائیلی حکومتی عناصر نے مفاہمت ناکام بنانے کی سازش کی اور ایران کے ساتھ معاہدے کو سبوتاژ کرنے کے لئے بھاری رقم خرچ کی۔ ہم غیر ملکی اثر ورسوخ کی ایسی مہم کے باوجود امریکی مفادات کو اولین ترجیح دیں گے۔ جے ڈی وینس نے باور کرایا کہ ایران کے ساتھ تنازعہ کا مستقل حل فوجی کارروائی نہیں بلکہ مذاکرات اور سفارتی معاہدہ ہے۔ دوسری جانب ایرانی فوج کے ترجمان محمد اکرمینیا نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ امریکہ نے حملے جاری رکھے تو جنگ کا دائرہ نئے محاذوں تک پھیل جائے گا۔ ان کے بقول ایران نے ابھی اپنی تمام عسکری صلاحیتیں استعمال نہیں کیں، دشمن کی کارروائیاں جاری رہیں تو ایران کا جواب اس کی توقعات سے بڑھ کر ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کا اپنے ہمسایہ ممالک یا خطے کی مسلم ریاستوں سے تصادم کا کوئی ارادہ نہیں، ایران ہمیشہ علاقائی تعاون اور برادرانہ تعلقات کے فروغ کا خواہاں رہا ہے، ہمارا اولین مقصد ملک کی سلامتی، قومی مفادات اور وقار کا تحفظ ہے۔ دوسری جانب ایران کے خاتم الانبیاء مرکزی ہیڈکوارٹر کے ترجمان ابراہیم ذوالفقاری نے امریکہ کو سخت وارننگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایران کے انفراسٹرکچر کو نشانہ بنایا گیا تو خطے میں جو بھی امریکی انفراسٹرکچر باقی ہے، اسے تباہ کر دیا جائے گا۔ ان کے بقول امریکہ خطے میں اپنی قانون شکنی اور عدم استحکام کو جاری رکھے ہوئے ہے، آبنائے ہرمز ایران کے لئے سرخ لکیر ہے، امریکہ کو اس میں مداخلت نہیں کرنے دیں گے۔ اسی طرح ایران کے سپریم لیڈر کے مشیر علی اکبر ولائتی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز ایران کی ملکیت ہے اور دنیا کی کوئی طاقت اسے ایران سے نہیں چھین سکتی۔ اسی طرح ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے بھی گذشتہ روز اپنے انٹرویو میں امریکی حملوں پر سخت ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی فوج کو دشمن کی جارحیت کا مقابلہ کرنے کی مکمل آزادی حاصل ہے۔ ان کے بقول ایران کی قومی سلامتی آبنائے ہرمز پر ایرانی انتظامات برقرار رکھنے میں ہے جبکہ امریکہ کا مقصد نظام کو گرانے کے ساتھ ساتھ ایران کے ٹکڑے کرنا بھی ہے۔ دوسری جانب امریکی اخبار وال سٹریٹ جرنل نے اپنی ایک رپورٹ میں دعویٰ کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے مزید آپشنز پر بھی غور کر رہے ہیں جن میں آبنائے ہرمز کے قریب واقع ایرانی جزائر پر امریکی زمینی فوج اتارنے کا امکان بھی شامل ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ امریکہ اور ایران کے مابین گذشتہ چار دہائیوں سے جاری محاذ آرائی میں کسی بھی فریق کو مستقل کامیابی حاصل نہیں ہو سکی اور اقتصادی پابندیوں، عسکری دباؤ، پراکسی تنازعات اور سفارتی تناؤ کے باوجود دونوں ممالک بالآخر کسی نہ کسی مرحلے پر مذاکرات کی میز کی طرف لوٹنے پر مجبور ہوئے ہیں چنانچہ آج بھی دانش مندی کا یہی تقاضا ہے کہ طاقت کے استعمال کے بجائے سفارت کاری کا دامن تھاما جائے۔ اس تناظر میں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا یہ کہنا کہ ایک حقیقت پسندانہ مؤقف ہے کہ معاملات مذاکرات اور سفارتکاری کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ اگر جے ڈی وینس خلوص دل کے ساتھ ایسا چاہتے ہیں تو انہیں صدر ٹرمپ اور امریکی پالیسی سازوں کو بھی اس پر قائل کرنا چاہیے کہ طاقت کا استعمال امریکہ کے اپنے مفادات کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں عراق، افغانستان اور لیبیا کے تجربات دنیا کے سامنے ہیں، جہاں فوجی کارروائیوں نے دیرپا امن پیدا کرنے کے بجائے عدم استحکام کو جنم دیا۔

بلاشبہ ایران کو بھی یہ حقیقت پیش نظر رکھنی چاہیے کہ سخت بیانات اور جوابی دھمکیوں سے کشیدگی میں مزید اضافہ ہی ہوگا۔ اس تناظر میں ایران کو سفارتی راستہ اختیار کرتے ہوئے ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جو مذاکرات کے امکانات کو کمزور کر سکتے ہوں۔ بے شک پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کی بات کی ہے اس لئے اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے مابین مفاہمت کی جو یادداشت طے پائی تھی اسے دوبارہ فعال بنانے کی ضرورت ہے۔ اگر دونوں ممالک اس پر پہلے اصولی اتفاق کر چکے تھے تو موجودہ حالات میں اسی فریم ورک کو فعال کرنا ہی قابلِ عمل راستہ ہو سکتا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ پاکستان دونوں ممالک کے ساتھ اچھے متوازن تعلقات رکھتا ہے اس لئے وہ پہلے ہی کی طرح امریکہ ایران مفاہمت کے لئے مثبت سفارتی کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس تناظر میں یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جا سکتی کہ امریکہ اور ایران میں کسی بڑے تصادم کی صورت میں پوری دنیا ایک بڑی جنگ کی لپیٹ میں آ جائے گی جس سے عالمی معیشت بھی سخت متاثر ہوگی اور پوری دنیا معاشی مشکلات کا شکار ہو جائے گی جس سے لاکھوں بے گناہ شہریوں کی زندگیاں بھی خطرے میں پڑ جائیں گی جبکہ ان کا کسی سیاسی تنازعہ سے کوئی تعلق بھی نہیں۔ اس صورت حال میں اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم اور دیگر نمائندہ عالمی و علاقائی تنظیموں اور اسی طرح عالمی قیادتوں کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ کشیدگی کم کرانے کے لیے فعال سفارتی کردار ادا کریں جیسا کہ یو این سیکرٹری جنرل گوئیٹرس نے امریکہ اور ایران کو تحمل سے کام لینے کا مشورہ دیا ہے۔ انہیں مشورے سے آگے بڑھ کر عملی اقدام بھی اٹھانا چاہئے۔ اس سلسلہ میں اعتماد سازی اور مذاکرات کو فروغ دینے والی ہر کوشش کی بھرپور حمایت کی جانی چاہیے۔ آج امریکہ اور ایران دونوں کو اس حقیقت کا ادراک کرنا ہوگا کہ ان کے مابین وسعت اختیار کرتی جنگ پورے خطے کو تباہی کے دہانے پر لے جا سکتی ہے۔ اس حوالے سے امریکی نائب صدر نے حقیقت پسندانہ مؤقف اختیار کیا ہے جسے عملی شکل دینے کے لیے وہ صدر ٹرمپ کو ایران سے دوبارہ مذاکرات پر آمادہ کریں۔ اس کے لئے اسلام آباد کی مفاہمتی یادداشت کو دوبارہ فعال کر کے مذاکرات کا آغاز کیا جا سکتا ہے اور یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر خطے اور عالمی امن کا خواب شرمندہ تعبیر کیا جا سکتا ہے اور خطے کے امن کے خلاف اسرائیلی سازشیں ناکام بنائی جا سکتی ہیں۔

قوم کی حقیقی کامیابی!

وزیراعظم شہباز شریف نے قومی سیمینار برائے لائیو سٹاک سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعتراف کیا ہے کہ خطے کے ممالک پاکستان سے بہت آگے نکل چکے ہیں، اس لیے اب محض باتوں کا نہیں بلکہ عملی اقدامات کا وقت ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ پاکستان کے زرعی تحقیقاتی ادارے "مردہ گھوڑے" بن چکے ہیں، جو درحقیقت ملکی زرعی اور لائیو سٹاک نظام کی کمزوریوں کا ایک غیر معمولی اعتراف ہے۔ مزید برآں، وزیراعظم نے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کو تربیت کے لیے چین بھیجنے کا اعلان بھی کیا، جو اگر ایک جامع اصلاحاتی پروگرام کا حصہ ہو تو خوش آئند پیش رفت ثابت ہو سکتی ہے۔ یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ گزشتہ چالیس برسوں میں پاکستان مسلم لیگ (ن) مختلف ادوار میں سب سے زیادہ عرصہ اقتدار میں رہی ہے۔ اس دوران زرعی تحقیق، لائیو سٹاک، برآمدات، ویلیو ایڈیشن

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

اور دیہی معیشت میں وہ بنیادی اصلاحات نہیں کی جا سکیں جن کی مسلسل ضرورت محسوس کی جاتی رہی۔ لہٰذا موجودہ اعتراف صرف ماضی کی غلطیوں کی نشاندہی نہیں بلکہ حکومتی کارکردگی کے ایک اہم جائزے کا تقاضا بھی کرتا ہے۔ پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں مویشیوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ملک میں تقریباً 24 ملین بھینسیں، 49 ملین گائیں، 92 ملین بکریاں، 42 ملین بھیڑیں اور 2.1 ملین اونٹ موجود ہیں۔ زرعی شعبے میں لائیو سٹاک کا حصہ تقریباً 60 فیصد اور قومی جی ڈی پی میں اس کا حصہ تقریباً 14 فیصد ہے۔ دیہی علاقوں میں لاکھوں خاندانوں کی آمدنی کا بنیادی ذریعہ یہی شعبہ ہے، لیکن اس کے باوجود پاکستان عالمی گوشت، دودھ اور ڈیری مصنوعات کی تجارت میں انتہائی معمولی کردار ادا کر رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ کم پیداواری صلاحیت، غیر معیاری نسلیں، ناقص افزائش، جانوروں کی بیماریوں پر کمزور کنٹرول، چارے کی قلت، ویٹرنری سہولیات کی کمی اور جدید سپلائی چین کا فقدان ہے۔ پاکستان میں فی جانور دودھ اور گوشت کی پیداوار کئی علاقائی ممالک سے کم ہے کیونکہ جدید جینیاتی بہتری، مصنوعی بارآوری، ایمبریو ٹرانسفر، جینومک سلیکشن اور ڈیجیٹل لائیو سٹاک مینجمنٹ جیسی ٹیکنالوجیز محدود پیمانے پر استعمال ہو رہی ہیں۔ دوسری جانب برازیل، آسٹریلیا، ترکی، چین اور ہالینڈ جیسے ممالک انہی جدید سائنسی طریقوں کے ذریعے اپنی پیداوار اور برآمدات میں کئی گنا اضافہ کر چکے ہیں۔ وزیراعظم نے زرعی تحقیقاتی اداروں کو "مردہ گھوڑے" قرار دیا، لیکن اصل مسئلہ صرف اداروں کی کمزوری نہیں بلکہ تحقیق اور صنعت کے درمیان رابطے کا فقدان بھی ہے۔ پاکستان کے متعدد زرعی اور ویٹرنری تحقیقی ادارے پرانی تحقیق، محدود فنڈنگ، سیاسی مداخلت اور غیر فعال انتظامی ڈھانچے کا شکار ہیں۔ دنیا میں تحقیق کا مقصد صرف مقالے شائع کرنا نہیں بلکہ نئی اقسام، بہتر نسلیں، جدید ویکسین، معیاری فیڈ، بیماریوں کی بروقت تشخیص اور برآمدی معیار پیدا کرنا ہوتا ہے۔ پاکستان میں یہ ربط تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ وزیراعظم کی جانب سے ایک ہزار زرعی گریجویٹس کو چین بھیجنے کا اعلان ایک مثبت قدم ہو سکتا ہے، مگر اس کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ واپس آنے والے نوجوانوں کو جدید لیبارٹریاں، تحقیقی فنڈز، اختیارات اور نجی شعبے کے ساتھ کام کرنے کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں۔ اگر یہ گریجویٹس بھی فرسودہ نظام میں شامل ہو کر بیوروکریسی کی نذر ہو گئے تو اس سرمایہ کاری کے نتائج محدود رہیں گے۔ چین پاکستان کے لیے لائیو سٹاک کی برآمدات کی ایک بڑی اور قریبی منڈی بن سکتا ہے۔ چین میں گوشت کی سالانہ کھپت مسلسل بڑھ رہی ہے اور وہ دنیا کا سب سے بڑا گوشت درآمد کرنے والا ملک ہے۔ پاک چین آزاد تجارتی معاہدے کے باوجود پاکستان ابھی تک اس مارکیٹ میں اپنی مکمل صلاحیت کے مطابق داخل نہیں ہو سکا۔ اس کی ایک بڑی وجہ عالمی معیار کے مطابق سلاٹر ہاؤسز، کولڈ چین، ٹریس ایبلٹی سسٹم، جانوروں کی بیماریوں سے پاک زونز، فوڈ سیفٹی سرٹیفکیشن اور برآمدی معیار پر مکمل عملدرآمد کا فقدان ہے۔ اسی طرح خلیجی ممالک اور وسط ایشیائی ریاستوں کے ساتھ کئی عشروں سے اقتصادی تعاون کی باتیں ہوتی رہی ہیں، لیکن پاکستان کی برآمدات ان منڈیوں میں خاطر خواہ اضافہ نہیں کر سکیں۔ متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، قطر اور دیگر خلیجی ممالک ہر سال اربوں ڈالر کا گوشت اور ڈیری مصنوعات درآمد کرتے ہیں، مگر پاکستان اپنی جغرافیائی قربت کے باوجود اس تجارت میں محدود حصہ رکھتا ہے۔ اس کی وجہ صرف پیداوار کی کمی نہیں بلکہ غیر مربوط اور غیر مستقل پالیسیوں کا تسلسل بھی ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان لائیو سٹاک کو محض زرعی ذیلی شعبہ سمجھنے کے بجائے اسے ایک مکمل برآمدی صنعت کے طور پر ترقی دے۔ اس کے لیے قومی سطح پر جینیاتی بہتری، بیماریوں کے کنٹرول، معیاری فیڈ انڈسٹری، ڈیجیٹل رجسٹریشن، کولڈ چین نیٹ ورک، جدید سلاٹر ہاؤسز، ویلیو ایڈڈ مصنوعات، نجی سرمایہ کاری، برآمدی مراعات اور عالمی معیار کی سرٹیفکیشن پر مشتمل جامع پالیسی درکار ہے۔ وزیراعظم کا اعتراف حقیقت پسندانہ ہے، لیکن قوم اب صرف اعتراف نہیں بلکہ نتائج دیکھنا چاہتی ہے۔ پاکستان کے پاس قدرتی وسائل، وسیع مویشیوں کا ذخیرہ، نوجوان افرادی قوت اور چین سمیت بڑی منڈیاں موجود ہیں۔ اگر پالیسیوں میں تسلسل، اداروں میں اصلاحات اور جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے تو یہی شعبہ نہ صرف دیہی معیشت کو مضبوط کر سکتا ہے بلکہ اربوں ڈالر کی برآمدات، روزگار کے نئے مواقع اور قومی اقتصادی استحکام کا اہم ذریعہ بھی بن سکتا ہے۔ اعترافِ زوال اپنی جگہ اہم ہے، مگر قوم کی حقیقی کامیابی اس وقت ہوگی جب یہ اعتراف عملی اصلاحات اور دیرپا نتائج میں تبدیل ہوتا ہوا نظر آئے۔

حذیفہ رحمن والے لنچ کی تلاش

مابدولت کی بیگم صاحبہ نے پوچھا ہم سب نے ایک ہفتے کے لئے لاہور جانا ہے۔ کیا آپ اکیلے رہ لیں گے۔ میرے ذہن میں فوراً زاہد فخری کا یہ شعر آ گیا:

کدی تے پیکے جانی اڑیئے
اوے سکھ دا ساہ نی اڑیئے

میں نے کہا ہاں ہاں رہ لوں گا۔ پوچھنے لگیں کھانے کا کیا کریں گے، میں نے کہا یار دوست ہیں ناں، پھر چار بھائی بھی تو ملتان میں رہتے ہیں اور کچھ نہیں تو ہوٹل ہیں۔ کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔ میں چاہتا تھا وہ اپنے تین بھائیوں سے مل آئے، جو لاہور میں رہتے ہیں اور بچوں کا بھی سیر سپاٹا ہو جائے۔ میں نے انہیں صبح دس بجے ڈائیوو پر بٹھایا اور واپس گھر آ کے کالم لکھا، کیونکہ تاخیر ہو جائے تو چودھری خادم حسین کا فون آ جاتا ہے اور پہلا جملہ ہی یہ ہوتا ہے "کی گل اے اج واک دے بعد سوں گئے سی" کالم سے فارغ ہو کر میں نے سوچا اب لنچ کرنا چاہئے۔ اسی دن میں نے وزیر مملکت حذیفہ رحمن کا یہ بیان پڑھا تھا کہ انہوں نے 128 روپے میں لنچ کیا ہے۔ میں نے جیب میں احتیاطاً ڈیڑھ سو روپے ڈالے اور قاسم بیلہ بازار کی طرف نکل پڑا۔ میں اس بازار میں تقریباً روزانہ آتا ہوں تاہم صرف پھل اور سبزیاں خریدنے کیلئے۔ میں دیکھتا تھا تندور اور اُس کے ساتھ دیگچیاں رکھی ہوتی تھیں لوگ کھانا کھا رہے ہوتے تھے۔ میں ایک ایسے ہی تندوری ہوٹل پر رُکا اور پوچھا کیا کیا پکا ہے۔ مالک نے بتایا چکن قورمہ، چنے ہیں، دال گوشت ہے، نہاری، سبزی ہے، آلو پالک ہے۔ میں نے ایک پلیٹ کا ریٹ پوچھا تو دو سے تین سو روپے تھا۔ روٹی بیس روپے کی تھی۔ اب میں نے خود کو دِل ہی دِل میں بُرا بھلا کہا کہ حذیفہ رحمن کی بات پر اعتبار کر کے صرف ڈیڑھ سو روپے جیب میں ڈال کے آ گیا ہوں۔ یہاں تو سالن کی پلیٹ ہی دو سو روپے کی ہے۔ میں نے شرمندہ شرمندہ سے انداز میں تندور والے سے پوچھا آدھی پلیٹ مل جائے گی، اس نے ترس کھانے والی نظروں سے میری طرف دیکھا، میں اچھے بھلے لباس میں موٹر سائیکل پر گیا تھا۔ اُس نے کہا مل جائے گی، مگر وہ تو بہت تھوڑی ہوگی، میں نے کہا میرے لئے کافی ہے کیونکہ میں سالن کم کھاتا ہوں۔ یوں مجھے سو روپے کی آدھی پلیٹ مل گئی اور چالیس روپے کی دو روٹیاں لے کر خوشی خوشی گھر آ گیا۔ آپ سمجھ رہے ہوں گے میں افسانہ طرازی کر رہا ہوں، نہیں صاحبو! میں بالکل سچ کہہ رہا ہوں۔ میں وزیر یا مشیر تو ہوں نہیں کہ بے پر کی اُڑاؤں اور وہ بات کہہ دوں جو اندھے کو بھی عجیب لگے پھر میں نے غصے میں اپنے آپ کو بھی اندھا کہا کہ جس نے حذیفہ رحمن کی بات پر اعتبار کیا اور جیب میں ڈیڑھ سو روپے ڈال کر لنچ کرنے چلا گیا۔

دنیا کے کسی ملک میں ایسے وزیر و مشیر نہیں پائے جاتے جو عوام کو بے وقوف بنانے کیلئے جھوٹ بولتے اور بے پر کی اڑاتے ہیں۔ کتنے ہی ایسے بیانات آئے روز یہ لوگ دیتے ہیں جن میں بڑی ڈھٹائی سے کہتے ہیں کہ ملک میں کوئی غربت نہیں، لوگ خودکشیاں بھی کر رہے ہوں تو یہ مخلوق یہی راگ الاپتی ہے کہ ملک میں مہنگائی کم ہو گئی ہے ایک وزیر نے تو یہ تک کہہ دیا تھا کہ ملک میں جو خوشحالی آج ہے وہ پاکستان کی 78 سالہ تاریخ میں پہل کبھی نہیں تھی، وہ اس کیلئے سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد اور شاپنگ مالز اور ہوٹلوں میں کھانے والوں کی مثالیں دیتے ہیں۔ پہلے بھی میں اس موضوع پر لکھ چکا ہوں کہ ہمارے وزیروں مشیروں کی زبانوں پر چیک اینڈ بیلنس کا نظام نافذ ہو جائے تو حکومت کئی شرمندگیوں سے بچ سکتی ہے۔ نجانے کابینہ کے اندر کیا سحر ہے اور سول سیکرٹریٹ میں کیا جادو ہے کہ وزیر اور مشیر بننے کے بعد جو سب سے پہلا اثر اس

ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

مخلوق پر ہوتا ہے وہ عوام کو بے وقوف اور دولے شاہ کے چوہے سمجھنے کی راہ دکھاتا ہے۔ وہ یہ راہ دکھاتا ہے عوام کو سبز باغ دکھاؤ اسی میں تمہاری وزارت کی کامیابی ہے، کئی وزیر اور مشیر تو گھٹی ہی اس بات کی کھاتے ہیں کہ جھوٹے دعوے کرتے رہیں۔ ناکام ترین وزیر بھی بڑھک اس بات کی مارتا ہے کہ حکومت نے عوام کیلئے دودھ اور شہد کی نہریں بہا دی ہیں۔ ٹی وی ٹاک شوز میں آ کر بے بنیاد دعوے کرنے سے کیا سیاہ کو سفید بنایا جا سکتا ہے۔ حذیفہ رحمن سنا ہے وزیراعظم شہباز شریف کے بہت قریب ہیں اسی وجہ سے کابینہ میں ہیں، اب اُن سے کوئی پوچھے کہ جو کام آپ نے زندگی بھر نہیں کیا، اُس کی فرضی کہانی کیوں گھڑی اور کیوں سنائی۔ یہ بھی حیرت میں ڈالنے والی بات ہے کہ انہوں نے 128 روپے لنچ پر خرچ کئے۔ آج کل آنے دو آنے کا سکہ تو ملتا ہی نہیں پھر یہ 128 روپے کا ہندسہ کیسے بنا، پورا 130 روپے کر دیتے تو کسی نے اعتراض کرنا تھا۔ مجھے تو یوں لگتا ہے کابینہ میں شامل بیشتر ارکان کو اپنا مذاق اڑانے کا شوق ہے پھر ایسی باتوں سے حکومت کو کیا فائدہ ہوتا ہے الٹا یہ تاثر جاتا ہے کہ حکومت عوام کے زخموں پر نمک چھڑک رہی ہے۔

ابھی چند دن پہلے کی بات ہے جب دنیا میں پٹرول کی قیمتیں گریں اور جنگ سے بھی پہلے کی پوزیشن پر آ گئیں تو ملک میں بہت شور اُٹھا کہ قیمتیں عالمی منڈی کے مطابق کم کی جائیں مگر قیمتوں میں صرف چند روپے کی کمی کی گئی۔ جب شور مچا، اعتراضات ہوئے تو پٹرولیم کے وزیر نے میڈیا پر آ کر یہ تاویل پیش کی کہ قیمتوں کا تعین نیا پٹرول آنے پر ہوتا ہے، کم قیمت پٹرول پہنچے گا تو عوام کو ریلیف دیں گے۔ اپنے اس موقف کے وزیر صاحب نے خود ہی پرخچے اُڑا دیئے جب ایران امریکہ کشیدگی دوبارہ بڑھنے پر عالمی مارکیٹ میں چار پانچ ڈالر فی بیرل اوپر گئے تو اس رات پاکستان میں قیمتیں بڑھا دی گئیں۔ گویا یہ قیمتیں اُس تیل پر بڑھائی گئیں جو پہلے سے ملک میں موجود تھا، معلوم ہوا قیمت کم ہونے کا اطلاق پٹرول کی نئی کھیپ پر ہوتا ہے اور مہنگا کرنے کا فیصلہ فوراً کر لیا جاتا ہے۔ ایک ایک کر کے ہر بات کھلتی جا رہی ہے کیونکہ عوام اب سیانے ہو چکے ہیں لیکن اس سیانے ہونے کی خبر غالباً حکومت کے وزیروں مشیروں کو نہیں ملی اسلئے وہ اسی یوٹوپیا میں بیٹھ کے خیالی پلاؤ پکاتے رہتے ہیں۔

وقت ہے پھولوں کا تاج

کئی بار سوچا کہ کالم نویسی کا اصل مدعا کیا ہے؟.......... زیادہ تر کالم لکھنے والے کالم کو سیاسی حالاتِ حاضرہ کا تسلسل شمار کرتے ہیں۔ فرق البتہ یہ ہوتا ہے کہ کالم میں اپنی ذات کی سوچ کو بھی شمار کر لیا جاتا ہے جبکہ ذاتی سوچ کو کالم نگاری کی ذیل میں شمار کرنا میرے نزدیک خود اپنی سوچ کا ضیاع ہے۔

لیکن اگر ایسا ہے تو پھر کالم نویسی کا اصل مقصود کیا ہے؟.......... اپنی فکری گہرائیوں کو صفحہء قرطاس پر بکھیر دینا اپنے امیج (Image) ہی کی قدآوری کا نام تو نہیں۔ اس کے لئے مسلسل اور طویل نثر کا سہارا لینا مناسب ہوگا لیکن یہ نثر بسا اوقات بور کر دینے والی بھی بن جاتی ہے۔ قاری یہ سمجھتا ہے کہ کالم نگار نے اپنے قد کاٹھ کو بڑا چڑھا کر اپنی ہی ستائش کی ہے۔ اور یہ "خود تعریفی" بذاتِ خود کوئی ایسا کارنامہ نہیں جسے قابلِ فخر (یا قابلِ ذکر) شمار کیا جائے۔

ملکی یا علاقائی یا بین الاقوامی حالات کو اپنے کسی سلیقے طریقے سے بیان کر دینا "خودنمائی" کے سوا اور کیا ہے؟ اور اس "خودستائی" سے ہر اچھا لکھنے والا اگر اپنے آپ کو دور رکھے تو یہی اس کے لئے بہتر ہے.......... علاقائی اور بین الاقوامی موضوعات کی نقشہ کشی اور اس پر عبارت آرائی اخبارات کا کام ہے۔ اخبار کا جو ایک صفحہ اس کام کے لئے مختص ہوتا ہے، اس کی نوک پلک سوارنا کارے دارد ہے۔ ہر لکھاری یہ ایورسٹ سر نہیں کر سکتا۔

کالم لکھتے ہوئے تحریری خشکی اور تری کا ازبس دھیان رکھنا پڑتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اخبار کے اول و آخر دو صحافت تو آپ دو منٹوں میں نظروں سے گزار لیتے ہیں لیکن جس صفحہ پر کالم لکھے ہوتے ہیں، اس کا مطالعہ کرنا اگرچہ منٹوں کا کام ضرور ہوتا ہے لیکن اس کو خود "ہضم" کرنا یا قاری کے دماغ میں سمونا وہ کام ہے جس کے لئے اخبار خریدنے والا اخبار خریدتا ہے۔

کالم کا ایک ایک جملہ اپنے اندر معانی کی کئی پرتیں رکھتا ہے۔ ان پرتوں کو اطمینان اور سکون سے پڑھنا اور سمجھنا پڑتا ہے۔ بسا اوقات ہر پرت کے اندر مفاہیم و مطالب کا ایک بحرِ ذخار ٹھاٹھیں مار رہا ہوتا ہے۔ کالم نویس کے لئے مشکل ترین کام یہ ہوتا ہے کہ وہ ان ٹھاٹھوں اور لہروں کو ان معانی سے سیراب رکھے جو کالم کا عنوان ہوتے ہیں..........

اقبال نے کہا تھا کہ جس طرح کبوتر اپنے نشیمن کو دماغ سے اوجھل نہیں ہونے دیتا اسی طرح کالم نگار بھی موضوعِ زیرِ دست کو ہمہ اوقات نظر میں رکھتا ہے:

تھی حقیقت سے نہ غفلت، وقت کی پرواز میں
آنکھ طائر کی نشیمن پر رہی، پرواز میں

اس حوالے سے دیکھا جائے تو کالم کا عنوان کبوتر کا وہ نشیمن ہے جس کو وہ دورانِ پرواز کبھی دماغ سے اوجھل نہیں ہونے دیتا۔

دنیا میں دو ایسی جنگیں ہوئی ہیں جن کو عالمگیر جنگیں کہا جاتا ہے۔ ان جنگوں میں قاصد کبوتروں کو بھی استعمال کیا گیا اور ان سے پیغام رسانی کا کام لیا گیا۔ جرمن قوم نے اس ذیل میں بڑا کام کیا۔ قاصد کبوتروں کی باقاعدہ یونٹیں بنائی گئیں۔ پرندوں کو سدھانے کے لئے (قبل از جنگ) سخت محنتیں اور مشقتیں کی گئیں.......... یہ موضوع گویا ایک الگ دستاویز ہے۔ ہمارے ہاں ملٹری ہسٹری کے ضمن میں اس پر کوئی زیادہ کام نہیں کیا گیا۔ جرمنوں اور اطالویوں نے دونوں عظیم جنگوں میں برطانوی اور امریکی لڑاکا ٹروپس کے خلاف ایسے ایسے گراں بہا مواصلاتی کارنامے انجام دیئے کہ ان کو پڑھ کر حیرت ہوتی ہے۔

دوسری جنگ عظیم اگست 1945ء کو ختم ہو گئی لیکن قاصد کبوتروں کی یونٹیں اس وقت تک باقی رکھی گئیں جب تک کسی ایک فریق کو کامل فتح یا شکست کا سامنا نہیں ہوا۔ آج بھی قاصد کبوتروں کی یہ یونٹیں موقوف (Disband) نہیں کی گئیں۔

اس موضوع پر مغربی اقوام نے بڑی ریسرچ کی ہے کہ آخر کبوتر ہی کیوں اپنی اڑان میں راستہ نہیں بھولتا اور زمین کی کشش ثقل کی رہنمائی میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک اڑتا چلا جاتا ہے۔ انگریزی عسکری ادب میں اس موضوع پر بہت ضخیم کتب موجود ہیں.......... یہ دوسری بات ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس موضوع پر

شمشیر و سناں اول
لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان
khanjilani83b@gmail.com

جو مزید کام ہونا چاہیے تھا وہ نہیں ہو سکا۔

آج ایک مقام سے کسی دوسرے مقام تک مواصلاتی رسائی کی ذیل میں بہت سا کام ہوا ہے اس کام میں ملوث اقوام کا کہنا ہے کہ مستقبل قریب یا بعید میں مواصلاتی رسائی ایک بڑا چیلنج بن جائے گی۔ آج تو آپ چشم زدن میں موٹی سے موٹی کتاب کو دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک whatsapp کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔ لیکن اس موضوع پر بھی کام جاری ہے کہ ان مواصلاتی چینلوں کو بے اثر کرنے کے لئے جو تراکیب اور ذرائع زیرِ نظر ہیں وہ آنے والے دور (یا ادوار) میں کیا روپ دھاریں گے۔

آج مشرق و مغرب میں کسی بھی مواصلاتی ٹھکانے کو پلک جھپکنے میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک منتقل کرنا ممکن ہے لیکن جس سرعت سے سارا انتظام و انصرام آج کام کر رہا ہے، آنے والے کل میں اسی سرعت سے ناکارہ اور بے کار بھی ہو سکتا ہے.......... اگر ایسا ہو گیا (اور اس ہونے میں کوئی شک نہیں) تو کیا ہوگا؟

اخبار کے مختصر سے کالم کی ارسال و ترسیل تو ایک بالکل معمولی سی بات ہے۔ آج تو باقاعدہ بڑی بڑی اور ضخیم کتابیں چٹکی بجانے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچائی جا رہی ہیں۔ فی الحال یہ مواصلاتی ذرائع بظاہر وقت طلب ہیں لیکن کس کو خبر ہے کہ وقت کتنی سرعت سے تبدیل ہوتا جا رہا ہے۔

لفظ "وقت" کی کوئی تشریح و تعبیر آج تک نہیں کی جا سکی۔ وقت کو کوسنا یا بُرا بھلا کہنا یا اس پر تنقید کرنا ایک "گناہِ عظیم" ہے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "زمانے (وقت) کو بُرا نہ کہو.......... میں خود زمانہ ہوں".......... "لاتسبوٗ الدہر"، فرمانِ نبیؐ..........

اہلِ مغرب نے ایڑی چوٹی کا زور لگا لیا ہے مگر وہ وقت کی "حقیقت" کو نہیں جان سکے۔ بعض لوگوں کے نزدیک "وقت" خود خدا ہے یا ذاتِ خدا کا ایک زندہ جاوید مظہر ہے۔ یہی مظہر ہے جو انسان پیدا کرتا ہے، پروان چڑھاتا ہے اور پھر مار بھی دیتا ہے

کسی پرانی انڈین فلم کا گیت یاد آ رہا ہے:

وقت سے دن اور رات
وقت سے کل اور آج
وقت کی ہر شے غلام
وقت کا ہر شے پہ راج

....

اس کے بعد اسی گیت کا ایک اور انترا ہے:

آدمی کو چاہیے وقت سے بچ کر رہے
کون جانے کس گھڑی وقت کا بدلے مزاج
وقت کا بدلے مزاج..........
وقت کی پابند ہیں آتی جاتی رونقیں
وقت ہے کانٹوں کی سیج

شہر نامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت

350 کروڑ روپے کا کاروبار، کترینہ کیف بیوٹی انڈسٹری میں بھی کامیاب

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی صفِ اول کی اداکارہ کترینہ کیف نے فلمی دنیا میں کامیابی کے بعد کاروباری میدان میں بھی اپنی صلاحیتوں کا بھرپور ثبوت دے دیا ہے۔ ان کا بیوٹی برانڈ "کے بیوٹی" (Kay Beauty) چند ہی برسوں میں بھارت کے نمایاں کاسمیٹک برانڈز میں شامل ہو چکا ہے، جبکہ تازہ مالیاتی اعداد و شمار کے مطابق اس کی فروخت 350 کروڑ بھارتی روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ کترینہ کیف نے 2019 میں بھارت کے معروف بیوٹی ریٹیل پلیٹ فارم نائیکا (Nykaa) کے اشتراک سے اپنا میک اپ برانڈ متعارف کرایا تھا۔ ابتدا میں ناقدین کا خیال تھا کہ اس برانڈ کی مقبولیت صرف اداکارہ کی شہرت تک محدود رہے گی، تاہم وقت کے ساتھ 'کے بیوٹی' نے معیاری مصنوعات اور صارفین کے اعتماد کی بدولت مارکیٹ میں اپنی الگ شناخت قائم کر لی۔ رپورٹس کے مطابق مالی سال 2026 میں اس برانڈ کی مجموعی فروخت تقریباً 350 کروڑ بھارتی روپے تک پہنچ گئی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں تقریباً 46 فیصد زیادہ ہے۔ اس نمایاں اضافے نے ثابت کیا ہے کہ کترینہ کیف نے فلمی شہرت کو کامیاب کاروباری حکمت عملی میں تبدیل کرنے میں بھی کامیابی حاصل کی ہے

یوٹیوبرز کی کمائی کے دعوے حقیقت کے برعکس، بشریٰ انصاری

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر پاکستانی اداکارہ بشریٰ انصاری نے اپنے یوٹیوب چینل سے ہونے والی آمدنی سے متعلق گردش کرنے والی افواہوں پر وضاحت پیش کر دی۔ مشہور پاکستانی ہوسٹ نادیہ خان کے ساتھ ایک وی لاگ میں گفتگو کرتے ہوئے معروف اداکارہ بشریٰ انصاری نے یہ اعتراف کیا کہ انہوں نے کچھ عرصے پہلے ولاگنگ کا آغاز کیا تھا اور اس حوالے سے جویریہ سعود نے ان کی بہت رہنمائی کی بشریٰ انصاری نے یوٹیوب سے ہونے والی آمدنی پر بھی بات کرتے ہوئے بتایا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے سارے دعوے غلط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ "اکثر لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یوٹیوبرز بہت زیادہ کماتے ہیں جبکہ حقیقت اس کے برعکس ہے، خصوصاً تب جب دیگر پیشہ ورانہ مصروفیات بھی ساتھ ہوں۔" بشریٰ انصاری نے مزید بتایا کہ مصروف شوٹنگ شیڈول کے ساتھ ولاگنگ کو جاری رکھنا آسان نہیں

سونم وانگچک کی بھوک ہڑتال کو بالی ووڈ کی حمایت

ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کے معروف ماہرِ تعلیم سماجی کارکن سونم وانگچک کی جاری بھوک ہڑتال کو اب بالی ووڈ کی بڑی شخصیات کی حمایت بھی حاصل ہونے لگی ہے۔ اداکار ہریتک روشن اور اداکارہ سوناکشی سنہا نے وانگچک کے حق میں کھل کر آواز اٹھاتے ہوئے تعلیمی نظام میں شفافیت اور طلبا کے مستقبل سے متعلق سنگین خدشات پر توجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ سونم وانگچک گزشتہ کئی ہفتوں سے نئی دہلی کے جنتر منتر پر غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال پر ہیں، جہاں وہ صرف نمک اور پانی کے سہارے احتجاج جاری رکھے ہوئے ہیں۔ وہ آن لائن تحریک کاکروچ جنتا پارٹی (CJP) اور اس کے بانی ابھیجیت دیپکے کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے میڈیکل داخلہ امتحان نیٹ (NEET) کے مبینہ پیپر لیک، تعلیمی اصلاحات اور بھارتی وزیرِ تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔

'لو جہاد' کا الزام، عامر خان کو بھی لارنس بشنوئی گینگ کی قتل کی دھمکی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کے معروف اداکار عامر خان کو بھارت کے بدنامِ زمانہ لارنس بشنوئی گینگ کی جانب سے مبینہ دھمکی دیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جس کے بعد بھارتی پولیس نے معاملے کی جانچ کا آغاز کر دیا ہے۔ مبینہ دھمکی ایک سوشل میڈیا پوسٹ اور وائس نوٹ کے ذریعے سامنے آئی، تاہم اس کی آزاد ذرائع سے تصدیق تاحال نہیں ہو سکی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ایک پوسٹ میں خود کو لارنس بشنوئی گینگ سے وابستہ ظاہر کرنے والے آرزو بشنوئی اور ٹائسن بشنوئی نامی افراد نے عامر خان پر مبینہ طور پر "لو جہاد" کی حمایت کا الزام عائد کیا۔ پوسٹ میں کہا گیا کہ اداکار ایسے نظریات کو فروغ دے رہے ہیں جو ان کے بقول ثقافتی اور مذہبی اقدار کے خلاف ہیں، اس لیے 'اس آدمی کو برداشت نہیں کریں گے' اور انہیں اس کے نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں اسی پوسٹ میں راجستھان کے ضلع سری گنگا نگر میں 13 سالہ لڑکی کے مبینہ اغوا اور زیادتی کے واقعے کا حوالہ بھی دیا گیا۔ گینگ کی جانب سے دعویٰ کیا گیا کہ اگر کسی نے بھی اس مقدمے کے ملزم کو قانون سے بچانے کی کوشش کی تو وہ خود کارروائی کرے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس کو اس مبینہ دھمکی کے بارے میں فیس بک پوسٹ اور ایک وائس نوٹ کے ذریعے اطلاع ملی، جس کے بعد متعلقہ اداروں نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ تاہم اب تک نہ تو عامر خان اور نہ ہی ان کی ٹیم کی جانب سے اس معاملے میں کوئی باضابطہ شکایت درج کرائی گئی ہے۔

تنقید سے فرق نہیں پڑتا، نادیہ خان کا ناقدین کو دوٹوک جواب

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ نادیہ خان نے ناقدین کو دوٹوک جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اب تنقید سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ٹی وی پروگرام 'کیا ڈراما ہے' میں گفتگو کرتے ہوئے نادیہ خان نے کہا کہ "پہلے وائرل ہونا مجھے پریشان کرتا تھا لیکن اب نہیں کرتا، لوگ جو چاہیں کہیں، اب تنقید سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" نادیہ خان نے اسی دوران ڈراما 'زنجیریں' پر مزید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ "کہانی میں کئی خامیاں موجود ہیں، مرکزی کردار 'سربلند' کا 'بانو' کو تلاش نہ کرنا اور دیگر کرداروں سے لاتعلق رہنا کہانی کو غیر منطقی بناتا ہے" انہوں نے مزید کہا کہ "ایک اہم منظر میں سجل علی نے بہترین اداکاری کی، تاہم سربلند کا کردار نبھانے والے اداکار کے تاثرات کمزور رہے، جس کی وجہ سے منظر اپنا اثر کھو بیٹھا۔" واضح رہے کہ نادیہ خان نے ایک نئے ڈرامے 'زنجیریں' پر کچھ روز قبل تنقید کی تھی جس کے بعد وہ سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں تھیں۔ ساتھ ہی لالی ووڈ کی کئی مشہور شخصیات نے ان پر تنقید بھی کی تھی اور ان کو آڑے ہاتھوں لیا تھا۔

SHEHAR NAMA
شہرنامہ
کلاسیفائیڈ

مشتہرین حضرات متوجہ ہوں
☆ کلاسیفائیڈ اشتہار فی سطر 150 روپے کم از کم تین سطریں ہونی چاہیں
☆ تمام اشتہار نیک نیتی کے تحت شائع کئے جاتے ہیں
☆ اشتہارات کی بکنگ ہر روز کی جاتی ہے
☆ ادارہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے یا اس کے تحت مالی ودیگر معاملات کا ذمہ دار نہیں ہوگا

رابطہ
فون: 051-224909
موبائل: 0333-5196088
Email:sheharnama@gmail.com

اطلاع عام بابت گمشدگی کاغذات

ہرگاہ فلیٹ نمبر A-2، بلاک نمبر 330، سیکٹر I-15/1، اسلام آباد بابت کمپیوٹر ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کو الاٹ لیٹر نمبر: CDA/EM-1/I-15/(A-2)(330)/06/1985 مورخہ 23-09-2006 کو مسماۃ زاہدہ جاوید نقوی زوجہ جاوید نقوی ساکن مکان نمبر D-376، گلی نمبر 109، سیکٹر G-6/1-4، اسلام آباد کو الاٹ شدہ ہے۔ مسماۃ زاہدہ جاوید نقوی نے اطلاع دی ہے کہ مذکورہ بالا اصل الاٹمنٹ لیٹر گم ہوگیا ہے اور اس کی تصدیق شدہ نقل حاصل کرنے کے لیے دفتر سے رجوع کیا ہے۔ لہٰذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار اطلاع دی جاتی ہے کہ فلیٹ نمبر A-2، بلاک نمبر 330، سیکٹر I-15/1، اسلام آباد کے بارے میں بابت فروخت کوئی معاملہ ہوا یا کوئی شخص کسی ضمانت دی ہو یا ادارے سے قرض حاصل کیا ہو، تو اندریں 15 یوم بذریعہ ڈاک کے روبرو پیش ہو کر ورنہ بعد از میعاد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور لیٹر کی تصدیق شدہ نقل جاری کر دی جائے گی۔ المشتہر: ڈپٹی ڈائریکٹر اسٹیٹ مینجمنٹ - I، سی ڈی اے، اسلام آباد

بقیہ نمبر 1

میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث 12 سالہ بچے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی ہے۔سی سی ٹی وی ویڈیو میں مبینہ ملزم کو موٹر سائیکل کا لاک توڑ کر اسے لے جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔پولیس کے مطابق موٹر سائیکل چوری کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں اور مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔پولیس کا کہنا ہے کہ مبینہ ملزم یا اس سے منسلک گینگ تاحال گرفت میں نہیں آ سکا جبکہ ملزمان کی تلاش کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 2

از کم 50 اہلکار ہلاک ہوگئے ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ حملہ ملک کے شمالی و وسطی علاقوں میں جاری شورش کے دوران پیش آیا جہاں شدت پسند گروہ اور مسلح تنظیمیں کئی برسوں سے سرگرم ہیں۔ابتدائی رپورٹس کے مطابق حملہ اچانک گھات لگا کر کیا گیا جس میں فوجی گاڑیوں کو نشانہ بنایا گیا۔حملہ آوروں نے خودکار ہتھیاروں اور دھماکا خیز مواد کا استعمال کیا

بقیہ نمبر 3

۔مہمان خصوصی محمد کاشف چوہدری نے اپنے خطاب میں الخدمت رازی ہسپتال کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ عوامی خدمت کے ذریعے درحقیقت ریاست پاکستان کی ایک اہم ذمہ داری ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ ایسے فلاحی اداروں کی ہرممکن سرپرستی اور معاونت کرے جو بلا امتیاز انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں، تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد معیاری طبی سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔ چیف فنانس منیجر عنایت اللہ نے ہسپتال کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی، جس میں طبی خدمات، فلاحی منصوبوں اور مستقبل کے ترقیاتی پروگراموں پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔افتتاحی تقریب میں اسلام آباد کے نائب امیر جماعت اسلامی ملک عبدالعزیز، جماعت اسلامی کے رہنما مرزا خالد، منیجر ایڈمن عثمان سعید پیشنٹ ویلفیئر آفیسر سید اسماعیل شاہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے شرکت کی

بقیہ نمبر 4

نے وسطی ایشیا کو پاکستانی بندرگاہوں اور عالمی منڈیوں تک اضافی تجارتی راستہ فراہم کر دیا ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اکتوبر 2025 میں سیکیورٹی خدشات کے باعث طورخم اور چمن بارڈر کی بندش کے بعد پاکستان نے متبادل تجارتی راستے متعارف کرا دیئے ہیں۔ جنگ کے بعد حالات بدل چکے، امریکا کو تجارت کے معاملے میں موجودہ حقائق کو تسلیم کرنا ہوگا ، باقر قالیباف روٹ سیاب تک 14 ہزار میٹرک ٹن سے زائد کارگو منتقل کیا جا چکا، جونیکا جسٹک نیٹ ورک کی بڑھتی ہوئی طلب کو ظاہر کرتا ہے۔معاشی ماہرین کے مطابق نئے ٹرانسپورٹ نیٹ ورک سے ٹی آئی آر نظام اور سنگل ونڈو کسٹمز پلیٹ فارم کو فروغ ملے گا، جبکہ سی پیک فیز ٹو میں گوادر پورٹ کا کردار مزید مضبوط ہوگا۔ پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں سے ٹرانزٹ اور لاجسٹکس کی مد میں سالانہ 3 ارب ڈالر کی آمدن حاصل کرسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 5

و بہادری سے مقابلہ کرنے کے بعد ایک زخمی ملزم سمیت دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا، اہل علاقہ کی جانب سے ڈولفن پولیس کے نوجوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا جا رہا ہے، تفصیلات کے مطابق گوجرخان کے علاقہ میں موٹرسائیکل سوار 2 ملزمان نے ڈولفن ٹیم پر فائرنگ کر دی، مقابلے کے بعد ایک زخمی ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، زیرحراست ملزمان سے اسلحہ اور زیر استعمال موٹرسائیکل برآمد ہوا، زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت سمیع جبکہ دوسرے ملزم کی شناخت نوید کے نام سے ہوئی، ڈولفن ٹیم نے مشکوک موٹرسائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقعہ پر پہنچ گئے، زخمی ملزم کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، ملزمان کی فائرنگ کے باوجود بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے ڈولفن ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کی جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ نمبر 6

۔صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ ہم کس طرح سے اپنی دنیوی زندگی کے لحات کو اپنے لئے قیمتی بنا سکتے ہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی اطاعت میں زندگی گزار کر اِن لحات کو قیمتی بنایا جا سکتا ہے۔ یہی نورانی تعلیماتِ نبوی ﷺ مخلوق خدا تک پہنچانا، یاد کروانا اور ان کا تزکیہ اور تربیت کرنا خانقاہی نظام کا خاصہ ہے۔ انہی تعلیمات کو مخلوق خدا تک پہنچانے کے لئے 26 جولائی بروز اتوار بعد از نماز ظہر دربار عالیہ عیدگاہ شریف میں حضور نبی کریم ﷺ کے ماہانہ ارفع و اعلیٰ میلادِ پاک بارھویں شریف کے موقع پر اعراس اکابرین اہلسنت کانفرنس کا انعقاد نہایت عقیدت اور احترام کے ساتھ کیا جائے گا جس میں خصوصی طور پر مفتی اعظم پاکستان مفتی منیب الرحمن اور پیر محمد اجمل رضا قادری شرکت وخطاب کریں گے جبکہ ان کے علاوہ کثیر تعداد میں علمائے کرام، نعت خوانانِ عظام، شمعِ رسالت ﷺ کے پروانے اور وابستگانِ عیدگاہ شریف بھی شرکت کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز عیدگاہ شریف میں منعقدہ ہفتہ وار درسِ حدیث پاک کی محفل سے خطاب کے دوران کیا۔محفل کے اختتام پر پیر محمد نقیب الرحمن نے وطن عزیز کی سلامتی، خوشحالی، ترقی، افواج پاکستان کی سربلندی، اتحاد بین المسلمین اور کشمیر و فلسطین کے مسلمانوں کی ظلم وبربریت سے نجات و آبادکاری کے لیے خصوصی دعا کی

بقیہ نمبر 7

عہدیداروں اور کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صدر آصف علی زرداری نے 18 ویں ترمیم لاکر اپنے ہی اختیارات کم کئے جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی ہزارہ ڈویژن کے لوگ پاکستان پیپلز پارٹی سے والہانہ محبت کرتے ہیں ہم بھی انشاءاللہ اقتدار میں آکر ہزارہ بھر کے عوام کی محبتوں کا جواب بھرپور خدمت سے دیں گے انہوں نے کہا کہ پی پی پی نے کشمیری بھائیوں کے حقوق کیلئے پہلے بھی بھرپور جدوجہد کی اور انشاءاللہ کشمیری عوام نے ساتھ دیا تو آئندہ بھی کشمیریوں کے حقوق کی بازیابی اور ان کی خدمت کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی کی کوششیں اور جدوجہد اور تعمیر و ترقی کا مشن جاری رہے گا انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں عام انتخابات کے بعد انشاءاللہ آزاد کشمیر میں پیپلز پارٹی حکومت بنائے گی اور کشمیری بھائیوں کے مسائل انکی دہلیز پر حل کرے گی انہوں نے مزید کہا کہ پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کو بھی مزید مضبوط اور فعال بنائیں گے تقریب سے اس موقع پر سابق صوبائی وزیر سید احمد حسین شاہ سابقہ ایم پی اے ساجدہ تبسم ڈویژنل صدر ملک فاروق تنولی راجہ خالد نواز خان حاجی منصف حسین محمد آصف خان راجہ اشتیاق سلیم قریشی ضلعی صدر پیپلز پارٹی مانسہرہ نادر شاہ ترمذی جنرل سیکرٹری مقصود احمد خان وکئی دیگر پارٹی رہنما و کارکنان بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 8

میگ شاٹ کنز، مختلف بور کے چھ پستول اور بھاری مقدار میں ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا ہے کہ اسلام آباد پولیس کی غیر قانونی اسلحہ اور اسلحے کی نمائش کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کی خصوصی ٹیمیں غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اس کی خرید وفروخت میں ملوث عناصر کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشنز کر رہی ہیں تا کہ وفاقی دارالحکومت کو اسلحہ سے پاک بنایا جا سکے۔ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم کے تحت شہر بھر میں بھرپور کارروائیاں جاری ہیں اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 9

بھرسورج اور بادلوں کے درمیان آنکھ مچولی جاری رہے گی جبکہ دوپہر کے بعد ہلکی بارش متوقع ہے۔شہر کا کم سے کم درجہ حرارت 31 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ زیادہ سے زیادہ 39 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچنے کا امکان ہے، ممکنہ بارشوں کے پیش نظر پی ڈی ایم اے پنجاب نے تمام ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کرتے ہوئے نشیبی علاقوں اور حساس مقامات پر پیشگی حفاظتی انتظامات مکمل رکھنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ نمبر 10

کرا لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے دو گاڑیاں، شہریوں سے چھینے گئے چار موبائل فون اور نقدی بھی برآمد کر لی گئی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ملزمان شہریوں کو گاڑیوں کے کاروبار کے تنازعے پر اغواء کر کے گاڑی سمیت لاہور لے گئے تھے۔ ایئر پورٹ پولیس نے جدید تفتیشی طریقہ کار اور شواہد کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے اندر پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ ابتدائی تفتیش میں واقعے کی وجہ گاڑیوں کے کاروبار کا تنازع سامنے آیا ہے۔ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق شہریوں پر تشدد، اغواء اور کسی بھی قسم کا استحصال ناقابل قبول ہے اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، جسے ہر صورت یقینی بنایا جائے گا

بقیہ نمبر 11

لیس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز، چوکی انچارجز اور ڈی ایف سیز بھی اجلاس میں شرکت کی، ڈی پی او نے جرائم کی روک تھام اور مؤثر پولیسنگ پر خصوصی ہدایات جاری کیں، حساس مقامات کی سیکورٹی مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ، انٹیلی جنس شیئرنگ اور بین الادارہ تعاون بڑھانے پر زور، سرچ، کومبنگ اور پیٹرولنگ مزید مؤثر بنانے کی ہدایت، عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت، قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھنے کا حکم، ڈی پی او نے تمام افسران کو الرٹ رہنے اور فوری رسپانس کو یقینی بنانے کی ہدایات دیں، ڈی پی او مری رضا تنویر سپرا نے کہا کہ امن و امان پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، مربوط حکمت عملی سے ضلع مری میں امن و امان برقرار رکھا جائے گا، تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ باہمی رابطہ مزید مضبوط بنانے کی ہدایات اور پیشہ ورانہ فرائض احسن انداز میں انجام دینے کی تاکید کی۔

بقیہ نمبر 12

خسرہ کے باعث سب سے زیادہ اموات سندھ میں رپورٹ ہوئیں۔ سندھ میں اس مرض سے اب تک 53 اموات ہو چکی ہیں۔ اسی طرح خیبر پختونخوا میں 27، پنجاب میں 15 اور بلوچستان میں 7 اموات ہوئیں۔ ذرائع کے مطابق پنجاب میں رواں سال خسرہ کے 11 ہزار 192 مشتبہ کیسز سامنے آئے جن میں سے 2 ہزار 126 مثبت ثابت ہوئے۔ سندھ میں رواں سال خسرہ کے 7 ہزار 105 مشتبہ کیسز میں سے 2 ہزار 280 مثبت ہیں۔ خیبر پختونخوا میں خسرہ کے 8 ہزار 912 مشتبہ کیسز میں سے 3 ہزار 199 کی تصدیق ہوئی۔ بلوچستان میں خسرہ کے 858 کیسز میں سے 349 مثبت ہیں۔ وزارت صحت کے ذرائع نے بتایا کہ آزاد کشمیر میں خسرہ کے 616 سے 216 کیسز جبکہ گلگت بلتستان میں خسرہ کے 230 میں سے 64 کیسز مثبت ثابت ہوئے۔ اسلام آباد میں رواں سال کے دوران خسرہ کے 153 مشتبہ کیسز سامنے آئے جن میں سے 85 مریضوں میں مرض کی تصدیق ہوئی۔ واضح رہے کہ خسرہ کی علامات میں تیز بخار، جسم پر سرخ دانے، کھانسی، نزلہ اور آنکھوں میں سوزش قابل ذکر ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق 5 سال سے کم عمر اور غذائی قلت کے شکار بچے خسرہ سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔

بقیہ نمبر 13

درج کر کے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا، ایس پی صدر انعم شیر نے اے ایس پی گوجرخان سید دانیال اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان طیب کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

کا اکٹھے ہو کر میرے دکھ میں شامل ہونے پر میں ان کا مشکور ہوں، شیر دل ٹیم کی سب سے خوبصورت اور منفرد روایت یہ ہے کہ ہم صرف وقتی ساتھی نہیں بلکہ حقیقی معنوں میں آل سیزن فرینڈز ہیں۔ ہم ایک دوسرے کی خوشیوں میں اور غموں میں شریک ہوتے ہیں، ایک دوسرے کی کامیابیوں پر خوش ہوتے ہیں، اور جب بھی کسی ساتھی یا اس کے عزیز و اقارب پر غم کا وقت آتا ہے تو ہم اس دکھ کو بھی مل کر بانٹتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسی جذبۂ اخوت اور یادِ رفتگاں کے تحت گزشتہ صبح شیر دل سیشن کے دوران منعقدہ "قرآن خوانی اور اجتماعی دعا" کے موقع پر کیا، اجتماعی دعا کے بعد شیر دل ٹیم کے تمام افراد نے ڈاکٹر محمد حنیف مغل کے ساتھ دلی تعزیت کی۔

بقیہ نمبر 15

کیخلاف 12 ارب روپے کے بجلی فراڈ کا مقدمہ درج کر لیا، ایف آئی اے فیصل آباد میں مقدمہ نمبر 35 / 2026 درج کیا گیا، فیسکو کے دو سابق افسران سعید اختر اور خورشید عالم بھی حراست میں لے لیے گئے۔

بقیہ نمبر 16

تھا کہ رواں سال ایچ آئی وی کی شرح بچوں میں تشویشناک حد تک بڑھی ہے جبکہ ایچ آئی وی عام طور پر بچوں کا مرض نہیں ہے، لیکن گزشتہ 4 ماہ سے بچوں میں ایچ آئی وی کا غیر معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بڑوں کی بروقت ایچ آئی وی اسکریننگ نہ ہونے سے وائرس بچوں تک منتقل ہوتے ہیں، غیر محفوظ خون کی منتقلی ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کی بڑی وجوہات میں شامل ہیں

بقیہ نمبر 17

' سے انتقال کر گئے، مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں ان کے آبائی قبرستان کشمیری محلہ بانسرہ گلی میں سپرد خاک کر دیا گیا، نماز جنازہ کشمیری محلہ بانسرہ گلی میں ادا کی گئی جس میں مسلم لیگ ن حلقہ وادی 5 کے نامزد امیدوار ایم ایل اے حلقہ وادی حافظ محمد احمد رضا قادری ایڈووکیٹ، مسلم لیگ ن ضلع مری کے صدر راجہ محمد دفتر عباسی، پی پی پی کے امیدوار راشد اسلام بٹ، سابق ناظم مری سٹی مرزا سہیل بیگ کے علاوہ مذہبی، سیاسی، سماجی، کاروباری، صحافتی شخصیات، وکلاء، مرکزی انجمن تاجران مری کے عہدداروں، اہلیان علاقہ اور عزیز واقارب نے کثیر تعداد میں شرکت کی، شرکاء کا کہنا تھا جعفر بٹ انتہائی شریف النفس اور انسان دوست شخصیت کے مالک تھے انھوں نے اپنی زندگی میں انسانیت کی خدمت کی انہوں نے دعا کی کہ اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبر جمیل عطاء فرمائیں، آمین ثم آمین۔

بقیہ نمبر 18

روزانہ یا پھر دوسرے دن گوجرخان کے شہریوں کو صاف پانی مہیا کیا جائے، گوجرخان بلدیہ کے نالائق سب انجینئر شہریوں کو واٹرسپلائی میں بری طرح سے ناکام ہو گئے ہیں کچھ ایریاز میں تعلقات کی بنیاد پر جب چاہیں سپلائی دی جاتی ہے جبکہ عام عوام پانی کے لیے ترستے رہتے ہیں جہاں پر دس اور بیس دن بعد پانی ملتا ہے اور جو پانی آتا ہے پہلے آدھا گھنٹہ انتہائی گند ※ پانی آتا ہے جس سے پیٹ کی بیماریوں کے ساتھ ساتھ ہیپاٹائٹس جیسی موزی مرض میں لوگ مبتلا ہو رہے ہیں صاف پانی مہیا کرنا بلدیہ کی ذمداری ہے اس سے پہلے سب انجینئر تنظیم شاہ نے واٹرسپلائی کے حوالے سے بیڑ ※ غرق کیا رہی سہی کسر اس سب انجینئر نے نکال دی انچارج واٹرسپلائی گوجرخان کے شہریوں کو پانی مہیا کرنے میں بری طرح ناکام پانی سب کی بنیادی ضرورت ہے لہذا اے سی والے دفتروں سے نکلیں باہر فیلڈ میں کام کریں اور فوری طور پر پانی کا مسئلہ حل کریں، اسسٹنٹ کمشنر سے درخواست ہے کہ جھنڈا سمیت جس جس ایریا کے ٹیوب ویل منظور ہوئے ہیں ان کو فوری طور پر شروع کرائیں تاکہ شہر میں پانی کا مسئلہ حل ہو۔

بقیہ نمبر 19

کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے، جس کا انعقاد پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے 6 سے 18 جولائی 2026 تک کیا۔ دو ہفتوں پر محیط اس عالمی سائنسی پروگرام میں پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے ممتاز سائنس دانوں، محققین اور نوجوان اہل علم نے شرکت کی۔ اس دوران جدید سائنسی شعبوں پر علمی مباحث، تحقیقی نشستیں اور مختلف موضوعات پر تفصیلی تبادلہ ※ خیال کیا گیا۔ چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے کہا کہ دنیا اس وقت مصنوعی ذہانت، جدید صنعتی پیداوار، حیاتیاتی ٹیکنالوجی اور صاف توانائی جیسے شعبوں میں تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے، جہاں قوموں کی ترقی کا انحصار قدرتی وسائل سے زیادہ علم، تحقیق، اختراع، صلاحیت اور ٹیکنالوجی پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے اور وہ نئی ٹیکنالوجی تیار کر کے نہ صرف قومی ترقی بلکہ عالمی مسائل کے حل میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نتھیا گلی سمر کالج گزشتہ پانچ دہائیوں سے نوجوان محققین کو دنیا کے ممتاز سائنس دانوں سے جوڑنے، تحقیق، اختراع، باہمی تعاون اور تنقیدی سوچ کو فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس ادارے کے بہت سے سابق شرکاء آج ملک اور بیرون ملک کی معروف جامعات، تحقیقی اداروں، صنعتوں اور قومی اہمیت کے اداروں میں خدمات انجام دے رہے ہیں جو اس پروگرام کی کامیابی کا واضح ثبوت ہے۔ چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن نے اپنے خطاب کے دوران کہا کہ اس سال کے سمر کالج میں ایسے موضوعات شامل کیے گئے جو پاکستان کے مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہیں، جن میں مصنوعی ذہانت اور خودکار سیکھنے کے نظام، جدید صنعتی تیاری کے طریقے، زراعت اور حیاتیاتی ٹیکنالوجی میں ایٹمی تکنیکوں کا استعمال، صحت اور ماحولیات میں ایٹمی ٹیکنالوجی، اور پلازما سائنس و امتزاجی توانائی میں جدید پیش رفت شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ شعبے صنعتی ترقی، غذائی تحفظ، بہتر علاج، ماحول کے تحفظ اور مستقبل کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ چیئرمین نے کہا کہ سمر کالج کے موضوعات حکومتِ پاکستان کے اڑان پاکستان وژن سے مکمل ہم آہنگ ہیں، جس کا مقصد جدت، ڈیجیٹل تبدیلی، صنعتی ترقی اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کے ذریعے پائیدار معاشی ترقی حاصل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے سائنسی پلیٹ فارم اعلیٰ تربیت یافتہ سائنس دان تیار کر کے پاکستان کے اختراعی نظام کو مزید مضبوط بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال سمر کالج کے دوران چین کے ادارہ ※ تحقیق کپاس کے ساتھ زراعت اور حیاتیاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کے نئے امکانات پیدا ہوئے۔ اس سے قبل سائنٹفک سیکریٹری انٹرنیشنل نتھیا گلی سمر کالج ڈاکٹر راحت اللہ نے دو ہفتوں کے دوران ہونے والی سرگرمیوں، اہم موضوعات اور حاصل ہونے والی نمایاں کامیابیوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ سمر کالج کے دوران تحقیقی پوسٹرز کا مقابلہ بھی منعقد کیا گیا، جس کا جائزہ بین الاقوامی ماہرین نے لیا۔ مقابلے میں اسلامی بین الاقوامی یونیورسٹی اسلام آباد کی مس سلکہ جاوید نے پانی کے معیار پر تحقیق پیش کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد کی مس رباب منصور نے شمالی علاقوں میں خرد پلاسٹک کے ماحولیاتی اثرات پر تحقیق کے ذریعے دوسری پوزیشن حاصل کی، جبکہ کامسیٹس یونیورسٹی لاہور کی مس آمنہ ذکاءاللہ تیسری پوزیشن کی حقدار قرار پائیں۔ تقریب کے اختتام پر چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے کامیاب شرکاء میں انعامات تقسیم کیے اور قومی و بین الاقوامی ماہرین کو یادگاری شیلڈز پیش کیں۔

بقیہ نمبر 20

اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی اسلام آباد زبیر صفدر، سینئر صحافی صغیر قمر اور دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش ایک جان دو قالب ہیں اور پاکستانی عوام کے دل ہمیشہ اپنے بنگالی بھائیوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں برادر ممالک کے درمیان عوامی، سماجی اور فکری روابط کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے تاکہ باہمی تعاون کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش میں حالیہ سیاسی تبدیلی خوش آئند ہے اور جماعت اسلامی ایک مضبوط عوامی قوت کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے، جس کی پارلیمانی نمائندگی وہاں کی سیاست میں ایک مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی بنگلہ دیش نے طویل عرصے تک آزمائشوں اور مشکلات کا سامنا کیا، اور آج کی کامیابیاں تحریک اسلامی کے مخلص کارکنان کی قربانیوں اور استقامت کا ثمر ہیں۔ انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا کہ روزنامہ سنگرام نے جولائی انقلاب کے دوران حقائق کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے اور بنگلہ دیش کی حقیقی صورتحال مؤثر انداز میں پیش کرنے میں قابل قدر کردار ادا کیا، جو صحافتی ذمہ داری کی بہترین مثال ہے۔ اس موقع پر روزنامہ سنگرام کے چیف ایڈیٹر نورالامین نے پرتپاک استقبال پر امیر جماعت اسلامی اسلام آباد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان برادرانہ تعلقات وقت کے ساتھ مزید مستحکم ہوں گے اور دونوں ممالک جنوبی ایشیا میں امن، استحکام اور ترقی کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش کے عوام پاکستانی عوام کو اپنا دست و بازو سمجھتے ہیں اور دونوں ممالک کی اسلامی تحریکوں کے درمیان روابط، تجربات کے تبادلے اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ ان شاءاللہ مستقبل اسلام کا ہے اور امتِ مسلمہ اتحاد، تعاون اور مشترکہ جدوجہد کے ذریعے درپیش چیلنجز پر قابو پانے میں کامیاب ہوگی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جس میں پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان عوامی روابط، میڈیا کے کردار، اسلامی تحریکوں کے باہمی تعاون اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 21

لیے پنجاب پولیس، پیرا فورس، محکمہ جنگلات کے افسران اور اہلکار بڑی تعداد میں موقع پر موجود رہے پٹیشن نمبر 161 میں معزز ہائی کورٹ کی جانب سے محکمہ جنگلات کے حق میں فیصلہ آنے کے بعد محکمہ جنگلات کی اراضی واگزار کرانے کے لیے احاطہ نور خان میں بڑا آپریشن کیا گیا آپریشن کے دوران جنگلات کی سرکاری زمین پر قائم غیر قانونی عمارت کو ہیوی مشینری کے ذریعے مسمار کر دیا گیا یہ کارروائی تقریباً چار گھنٹے تک جاری رہی، جس کے دوران متعلقہ اداروں نے مشترکہ طور پر تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ جنگلات کی سرکاری اراضی پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی تعمیرات اور تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی، انکروچمنٹ کے خلاف بلاامتیاز روزانہ کی بنیاد پر آپریشن جاری رکھا جائے گا اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ مری کے گرین ایریاز کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حکومت پنجاب مری کے قدرتی حسن، ماحول اور جنگلات کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، اور تجاوزات کے خاتمے کے ذریعے ملکہ کوہسار مری کے قدرتی حسن کو دوبارہ بحال کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 22

غائب جس کی وجہ سے شہریوں میں شدید غم وغصہ، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان شہر اور دیہی علاقوں میں گذشتہ کئی روز سے بجلی کی آنکھ مچولی کا سلسلہ جاری ہے۔ وقفے وقفے سے کئی کئی گھنٹوں کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے معمولات زندگی مفلوج کر دیے ہیں، گرمی کی شدت کے باعث گھروں میں موجود معصوم بچے، ضعیف العمر افراد اور ہسپتالوں میں زیر علاج مریض تڑپنے پر مجبور ہیں، جبکہ کئی علاقوں میں بجلی نہ ہونے کے باعث پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے۔ عوامی شکایات کے باوجود آئیسکو کے متعلقہ افسران (SDO اور XEN) کی جانب سے کوئی مثبت ردعمل سامنے نہیں آ رہا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ افسران کے فون نمبرز یا تو مصروف ملتے ہیں یا وہ کال اٹینڈ کرنا گوارا نہیں کرتے۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ لوڈشیڈنگ کا کوئی شیڈول نہیں ہے اور بلاوجہ کی ٹرپنگ نے قیمتی برقی مصنوعات بھی جلا کر رکھ دی ہیں۔ اس صورتحال پر گوجرخان کے ممتاز سیاسی و سماجی رہنما عبدالصبور کیانی نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامیہ کی خاموشی مجرمانہ ہے۔ ایک طرف بھاری بھرکم بجلی کے بلوں نے عوام کی کمر توڑ دی ہے اور دوسری طرف انہیں بنیادی سہولت سے بھی محروم رکھا جا رہا ہے۔ اہلیانِ گوجرخان نے وزیر اعظم پاکستان، وفاقی وزیر توانائی اور چیف ایگزیکٹو آئیسکو سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گوجرخان میں بجلی کی صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے اور فرائض میں غفلت برتنے والے افسران کے خلاف سخت محکمانہ کاروائی کی جائے۔

بقیہ نمبر 23

جائیدادوں پر قبضہ کر رہی ہے، انہوں نے لنٹاس کیفی میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ کیفی مری کی پرانی یادگاروں میں سے ایک ہے، مجھے بتایا گیا ہے حکومت پنجاب نے اس کو بھی ہڑپ کرنے کی کوشش شروع کر دی ہے جس سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، متعدد دکانداروں نے انہیں بتایا کہ لاک ڈاؤن اور دیگر پابندیوں کے باعث مری کا سیاحتی سیزن مکمل طور پر تباہ ہو چکا ہے، متاثرہ دکانداروں کی دکانیں خالی کرا لی گئی ہیں جبکہ تاحال ایوارڈ جاری نہیں کیا گیا جسکے باعث انہیں شدید مالی نقصان کا سامنا ہے، تاجروں کا سامان کرائے کے گھروں میں پڑا ہے جبکہ بزنس لاس نہ ملنے کی وجہ سے وہ کسی دوسری جگہ کاروبار بھی شروع نہیں کر پا رہے، آزاد جموں و کشمیر کے انتخابات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سیدہ شہلا رضا نے کہا کہ ورکرز نے بتایا کہ میاں نواز شریف 98 میں جب وزیراعظم تھے تو مہاجرین جموں وکشمیر کو لالی پاپ دیا گیا کہ اوقاف کی پراپرٹیز میں رہائش پذیر مہاجرین کو مالکانہ حقوق دیے جائیں گے اور آج بھی آزاد کشمیر کے انتخابات کے موقع پر بھی وہی چورن بیچا جا رہا ہے مہاجرین نے پاکستان کے لیے بے شمار قربانیاں دیں وہ آج بھی اوقاف کی جائیدادوں میں بطور کرایہ دار رہائش پذیر ہیں، انہوں نے کہا کہ میں صدر پاکستان اور چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی سے سفارش کروں گی کہ انہیں مالکانہ حقوق دیے جانے چاہئیں، انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں بعض عناصر نے انتشار کی سیاست کو فروغ دیا جبکہ تمام سیاسی قوتوں کو باہمی مشاورت سے مسائل کا حل تلاش کرنا چاہیے، سابق ڈپٹی اسپیکر نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا کہ مری سے فوری طور پر لاک ڈاؤن ختم کیا جائے کیونکہ مری ایک اہم سیاحتی مقام ہے، جہاں ملک بھر سے سیاح اور فیملیز آتی ہیں انہوں نے یقین دلایا کہ مری کے عوام اور تاجروں کی شکایات اپنی پارٹی قیادت تک پہنچائیں گی اور اس معاملے کو اسمبلی میں بھی بھرپور انداز میں اٹھائیں گی

بقیہ نمبر 24

میڈیا سیل کے انچارج شکیل اعوان شعبہ خواتین کی صدر سیدہ فردوس۔ شیراز بیگ اور کوآرڈینیٹر سہراب بیگ نے ان کی ملک میں عدم موجودگی کے دوران پارٹی کی کارکردگی سے متعلق بریفنگ دی۔ چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے عہدے داروں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایت کی کہ وہ آئندہ آنے والے انتخابات کی تیاریاں کریں انہوں نے کہا کہ میں آپ سب کا مشکور ہوں کہ آپ نے میری صحت کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی منشور ہر گھر تک پہنچنا چاہیے عوام رابطہ مہم تیز کی جائے تعلیم صحت روزگار اور بالخصوص ٹیکنیکل تعلیم کو عام کرنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر کام کیا جائے اس موقع پر پارٹی کے مختلف شعبوں کے کوآرڈینیٹرز ۔ رہنماؤں اور عہدے داروں نے اپنی اپنی تجاویز دیں۔

بقیہ نمبر 25

کے ہاتھوں میں ہے آپ کی زمہ داری ہے لوگوں کو قرآن کی جانب موڑیں ، دین کی طرف لائیں۔ نوجوانوں سے بڑی امیدیں وابستہ ہوتی ہیں۔ حق پر ڈٹنا نوجوانوں کا شیوہ ہوتا ہے۔ قرآن سے جڑے رہنا ہے دین فہمی کی فکر کرنی ہے۔ اللہ کے دین کے غلبہ کی کوشش میں حصہ ڈالنا ہے ۔انہوں نے ایک سالہ کورس کے انعقاد کا بھی اعلان کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر خالد نعمت کا کہنا تھا کہ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جس نے قرآن سیکھا اور قرآن پڑھایا" ہمیں مفید بننا ہے، ہمیں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنی ہیں۔ اپنی محفل پاک رکھیں۔ خلوت اور جلوت پاک رکھیں۔ ادب اور احترام ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھیں قرآن پاک کے عین مطابق زندگی گزاریں۔ انکا کہنا تھا کہ ادب سے سب کچھ ملے گا۔ شوق سے دین کا کام کریں، امت محمدی میں سے ہونا ہمارے لیے اعزاز ہے ہمیں قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھنا ہے یہ مکمل ضابطہ ہے۔ مایوسی گناہ ہے مایوسی شیطان کا وار ہوتا ہے۔۔ مسلمان کبھی مایوس نہیں ہوتا۔ بریگیڈیئر (ر) عنایت ولی ڈاکٹر خالد نعمت ، روف اکبر، حمزہ شاید، ڈاکٹر ارشد بھٹی، ابرار احمد کھوکھر، ہارون یونس ، سعد نے شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔

بقیہ نمبر 26

کا دورہ کیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے ڈیوٹی پر مامور افسران اور اہلکاروں سے ملاقات کی اور ان کے جذبۂ فرض شناسی کو سراہتے ہوئے شہریوں کی حفاظت اور سہولت کو یقینی بنانے کے لیے سیکورٹی اقدامات مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی۔ قاضی علی رضا نے کہا کہ تمام افسران الرٹ رہتے ہوئے مؤثر چیکنگ اور فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنائیں اور مزید دلجمعی، مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کو پرامن، محفوظ اور خوشگوار ماحول کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر 27

سیاسی شخصیت چوہدری اخلاق مہربان تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مہمانانِ خصوصی نے قومی کھیل ہاکی کی اہمیت اور اس کے روشن مستقبل پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی شناخت ہاکی سے جڑی ہوئی ہے اور نوجوان کھلاڑیوں میں بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جسے مناسب مواقع اور سرپرستی فراہم کر کے قومی سطح کے بہترین کھلاڑی تیار کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے قدیر ہاکی کلب کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسے مقابلے نوجوانوں میں صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دینے، کھیلوں کے کلچر کو مضبوط بنانے اور ہاکی کے میدانوں کو دوبارہ آباد کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ چیمپئن شپ کے اختتام پر مہمانانِ خصوصی نے نمایاں کارکردگی دکھانے والی ٹیموں اور بہترین کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور دیگر انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر سماجی و سیاسی شخصیات، کھیلوں سے وابستہ افراد اور ہاکی کے شائقین کی بڑی تعداد موجود تھی

بقیہ نمبر 28

امریکا کی سفارتی تنصیبات بھی نشانہ بنائی گئی ہیں اور ایران کی حمایت کرنے والے گروہ بیرون ممالک میں امریکی مفادات اور امریکی شہریوں پر حملہ کرسکتے ہیں۔ الرٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ صورتحال پیچیدہ ہے اور کشیدگی میں ناگہانی اضافہ ہوسکتا ہے۔ یہ الرٹ ایسے وقت جاری کیا گیا ہے جب امریکا ایران جنگ شدت کے ساتھ دوبارہ شروع ہوچکی ہے اور اس میں دو امریکی فوجی ہلاک اور ایک لاپتا ہے جبکہ 50 ایرانی شہری مارے جاچکے ہیں۔ محکمہ خارجہ نے امریکی شہریوں خصوصاً مشرق وسطیٰ میں مقیم امریکی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ احتیاطی تدابیر اپنائیں اور سیکیورٹی ہدایات پر عمل کریں۔ تاہم امریکی شہریوں سے کسی ملک کو چھوڑنے کا نہیں کہا گیا اور بین الاقوامی سفر کو محدود بھی نہیں کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 29

ساتھ ساتھ اس میسج میں لکھا ہوتا ہے کہ ایسا سائٹ میں مسئلے کی وجہ سے ہوا ہے اور اسے جلد حل کرلیا جائے گا تو کچھ دیر بعد دوبارہ کوشش کریں۔ ڈاؤن ڈیٹیکٹر ویب سائٹ کے مطابق پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے کے قریب فیس بک ڈاؤن کی سرچز میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ متعدد صارفین نے دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز جیسے ایکس (ٹوئٹر) پر فیس بک سروس متاثر ہونے کے بارے میں بتایا گیا۔ ابھی تک میٹا کی جانب سے اس حوالے سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا۔ یہ واضح نہیں کہ دونوں پلیٹ فارمز میں کیا تکنیکی خرابی ہوئی ہے یا سروسز کب تک بحال ہوں گی۔

بقیہ نمبر 30

جی سیف سٹی و ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد عثمان طارق بٹ سمیت دیگر سینئر پولیس افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران اشتہاری اور عادی مجرمان کے خلاف کارروائیوں، انٹیلی جنس بیسڈ پولیسنگ ، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، سیف سٹی کیمروں کے ذریعے نگرانی کے نظام، فوری رسپانس اور بین الشعبہ جاتی رابطہ کاری سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر، اشتہاری مجرمان اور عادی ملزمان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے اور زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد مکمل کرتے ہوئے مضبوط شواہد کے ساتھ چالان عدالتوں میں پیش کیے جائیں تاکہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی، انٹیلی جنس بیسڈ پولیسنگ اور سیف سٹی کے جدید نظام سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے جرائم کی مؤثر روک تھام کو یقینی بنایا جائے، جبکہ بین الشعبہ جاتی رابطہ کاری اور ہنگامی حالات میں فوری رسپانس کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ آئی جی اسلام آباد نے واضح کیا کہ شفاف تحقیقات، مؤثر پولیسنگ ، احتساب، قانون کی بلاامتیاز عملداری اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات ہیں۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے اور بہترین پولیس خدمات کی فراہمی کے لیے اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں۔ اجلاس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن وامان کے قیام، جرائم کے مؤثر انسداد اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 31

موٹرسائیکل سوار زخمی ہوگیا حادثہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 مری امدادی ٹیمیں نے موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کاروائی کرتے ہوئے تینوں زخمی افراد جن کو معمولی چوٹیں آئی تھیں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کر دی گئی،، پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 مری نے شہریوں سے بالخصوص موٹر سائیکل سواروں سے اپیل کرتی ہے کہ بارش کے دوران پھسلن والی سڑکوں پر انتہائی احتیاط سے سفر کریں، رفتار کم رکھیں اور تیز موڑ کاٹتے وقت خصوصی احتیاط برتیں تاکہ حادثات سے محفوظ رہا جاسکے۔

بقیہ نمبر 32

بچ جانے والا ایک بچہ ہے جو حملے کے وقت گھر پر موجود نہیں تھا۔ الشفاء اور الاہلی بپیٹسٹ ہسپتالوں کے طبی ذرائع نے بتایا کہ انہیں غزہ شہر کے جنوب مشرق میں زیتون کے محلے میں اسرائیلی توپ خانے کی گولہ باری کے بعد تین فلسطینیوں کی لاشیں اور دو زخمی ملے ہیں۔ الشفا ہسپتال کے ایک طبی ذریعے نے اناڈولو ایجنسی کو بتایا کہ اس کے علاوہ، ایک اسرائیلی جنگی طیارے نے غزہ شہر کے نصر محلے میں ایک اپارٹمنٹ پر فضائی حملہ کیا، جس میں ایک خاتون بچے سمیت پانچ فلسطینی ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ فضائی حملے سے اپارٹمنٹ تباہ اور قریبی گھروں کو نقصان پہنچا۔

بقیہ نمبر 33

فیصل بن فرحان اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے ٹیلی فون پر رابطہ کیا۔ دوران گفتگو دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال اور دونوں ممالک کی جانب سے امن، سلامتی اور استحکام برقرار رکھنے کی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر 34

کے ساتھ چوہدری حسن علی ۔ راجہ طارق جاوید ، اویس خان ۔ ملک ناصر چن ۔ احمد عباسی ۔ ڈاکٹر بابر ملک ۔ نمبردار راجہ نجیب دھنیال ۔ راجہ علیم دھنیال ۔ راجہ مبشر ۔ اور وی او ایچ تنظیم کے عہدے دار بھی بڑی تعداد میں موجود تھے وہاں پہنچنے پر فارمیسی کے اونر حیدر علی ہمیش نے استقبال کیا پھولوں کا گلدستہ پیش کیا چیئرمین وی او ایچ راجہ محمد ہارون اور وائس چیئرمین وی او ایچ راجہ کامران عابد نے کیک کاٹا اے ٹو زیڈ فارمیسی کے اونر کی طرف سے سٹاف کو اچھی پرفارمنس پر ایوارڈ سے نوازا گیا اور نقد پرائز دیے گئے۔ آخر میں چیئرمین راجہ محمد ہارون نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا آج بڑا خوشی کا دن ہے کہ اس فارمیسی کا دو سال پہلے ہم لوگوں نے افتتاح کیا تھا اور الحمدللہ ان کی ترقی دیکھتے ہوئے خوشی ہوتی ہے یہاں سے اچھی میڈیسن کے ساتھ ایشیائی ضرورت کی ہر معیاری چیز دستیاب ہے میں یہی دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو مزید کامیابیوں سے نوازے۔ آخر میں فارمیسی کے اونر حیدر علی ہمیش نے چیئرمین راجہ ہارون وائس چیئرمین راجہ کامران عابد کو شیلڈ پیش کی اور جن لوگوں نے اس دوسری سالانہ تقریب میں شرکت کی تمام کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 35

تک وزیراعظم کا جواب نہیں آیا، جب تک وہ وزیر کابینہ میں رہے گا وہ اس بیان کو وفاقی حکومت کی پالیسی سمجھیں گے، کشمیریوں کے خلاف بیان دینے والوں کو وزارت میں بیٹھنے کا کوئی حق نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے آزاد کشمیر کی صورت حال پر ایک بار پھر سچائی اور مفاہمتی کمیشن بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے حکومت سے انٹرنیٹ کھولنے کی اپیل کی اور ساتھ ہی کہا کہ کمیشن بنانے کی تجویز پر ابھی تک فریقین سے جواب نہیں ملا، کشمیر کے حالات بہتر کرنے ہیں، اگر کمیشن نہیں بنا سکتے تو مسائل کا دوسرا حل بتا دیں۔

بقیہ نمبر 36

این سی آئی اے سائبر کرائم رپورٹنگ سینٹر اسلام آباد انکوائری کے سلسلے میں تفتیش جاری رہی ہے۔ نوٹس میں نورین نیازی سے کہا گیا ہے کہ آپ کو ریاستی اداروں کے خلاف مبینہ جھوٹا، جارحانہ اور اشتعال انگیز سوشل میڈیا مواد پھیلاتے ہوئے پایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 37

فوجی تربیت اور توانائی و سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون پر غور جاری ہے۔ برطانوی خبر ایجنسی نے پانچ باخبر ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ پاکستان اور کویت کے درمیان ایک جامع دفاعی معاہدے پر ابتدائی سطح کے مذاکرات جاری ہیں، جس کے بدلے توانائی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 38

، جس پر پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 19 جولائی 1947ء کی تاریخی قرارداد کشمیری عوام کی اجتماعی امنگوں کی حقیقی ترجمان اور تحریکِ آزادی کا ایک اہم سنگِ میل ہے جو کشمیر کے عوام کے پاکستان سے الحاق کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہے۔

بقیہ نمبر 39

کامیابی ہے، نورین نیازی کا بیان قابلِ مذمت اور افسوسناک ہے، بانی اور ان کی فیملی کا پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چودھری نے کہا کہ نورین نیازی کے بیان پر افسوس ہوا، یہ پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے خلاف ہے، امریکی صدر نے کئی بار پاکستان کی فتح کا ذکر کیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے،

بقیہ نمبر 40

ایران کے درمیان دستخط ہونے والی مفاہمتی یادداشت کی پابندی نہیں کرے گا، تو ٹرمپ نے کہا کہ مجھے اس کی ذرا بھی پرواہ نہیں۔ انہوں نے ایک بار پھر دہرایا کہ جنگ کا بنیادی مقصد ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے دینا ہے۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے متن کے مطابق یہ یادداشت جون کے وسط میں واشنگٹن اور تہران کے درمیان اس جنگ کے خاتمے کے لیے دستخط کی گئی تھی، جسے امریکا اور اسرائیل نے فروری میں شروع کیا تھا۔ خیال رہے کہ حالیہ مہلک حملوں کا تبادلہ آبنائے ہرمز کے انتظام سے متعلق اختلافات کے باعث شروع ہوا۔ ادھر روسی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ اردن میں 2 امریکی فوجیوں کی ہلاکت کے بعد صدر ٹرمپ نے پینٹا گون کو پوری شدت سے ایران پر بمباری کا حکم دیا ہے۔

بقیہ نمبر 41

میں کیا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا، کشمیر میں بیٹھے پاکستان کا نعرہ لگانے والے سینکڑوں نوجوانوں کو اٹھایا گیا جو گھر نہیں پہنچے، کیا برطانیہ میں بیٹھا ہوا کشمیری ان کشمیریوں کی برابری کر سکتا ہے؟ قائداعظم نے کہا تھا کشمیر ہماری شہہ رگ ہے، آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 42

اوور ٹیک کیا اور فائر کر دیئے، نوجوان کو اسلحے سمیت گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ ملزم کے زیر استعمال گاڑی کو تحویل میں لے لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ہوائی فائرنگ کا واقعہ ڈیفنس اے کی حدود میں گزشتہ رات پیش آیا، ملزم کی گرفتاری کیلئے سیف سٹی اتھارٹیز اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی گئی۔ اس حوالے سے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے بتایا کہ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ جا رہے تھے کہ ایک گاڑی نے انہیں اوور ٹیک کیا اور کار سے باہر پستول نکال کر ہوائی فائرنگ کی ، نوجوان نے پانچ فائر کئے ۔ ان کے بقول ان کے سٹاف نے گاڑی کا پیچھا کیا، اس کا نمبر نوٹ کیا اور فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔ عطا اللہ تارڑ نے واضح کیا کہ انہیں نشانہ نہیں بنایا گیا اور نوجوان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ ان کی گاڑی میں وفاقی وزیر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس واقعے میں محفوظ رہے اور لاہور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ لاہور پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ٹارگٹڈ حملہ نہیں بلکہ ہوائی فائرنگ کا معاملہ معلوم ہوتا ہے، تاہم مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 43

کانفرنس ※ کے موقع پر پاکستان ※ چین TVET پارٹنرشپ فورم ※ کا انعقاد کیا۔ اس فورم نے مہارتوں کے فروغ، صنعتی تعاون اور افرادی قوت کی تبدیلی میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے سرکاری نمائندوں، صفِ اول کے چینی تکنیکی و پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت (TVET) کے اداروں، صنعت کے رہنماؤں، ہیلتھ کیئر کی تنظیموں، تعلیمی اداروں اور پاکستان و چین کے ترقیاتی شراکت داروں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کیا۔ اس فورم میں وفاقی وزیر برائے قومی صحت خدمات، ریگولیشن اور کوآرڈینیشن عزت مآب سید مصطفیٰ کمال، چین میں پاکستان کے سفیر عزت مآب خلیل ہاشمی، چیئرمین نیوٹک (NAVTTC) انجینئر قمر الاسلام راجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر نیوٹک جناب محمد عامر جان، ممتاز چینی ٹیویٹ اداروں کے نمائندوں، صوبائی ٹیوٹاز (TEVTAs)، ہیلتھ کیئر اور کے حکام، سرکاری و نجی ہیلتھ کیئر تنظیموں، صنعتی انجمنوں اور تعلیمی ماہرین نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر برائے قومی صحت خدمات، ریگولیشن اور کوآرڈینیشن، عزت مآب سید مصطفیٰ کمال نے اپنے کلیدی خطاب میں پاکستان کے ہیلتھ کیئر اور فارماسیوٹیکل کے شعبوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک ہنر مند افرادی قوت تیار کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ ہیلتھ کیئر کی خدمات کو بہتر بنانے، فارماسوٹیکل کی صنعت کو مضبوط کرنے اور پائیدار اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے لیے پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط تعاون، بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور ادارہ جاتی شراکت داریاں انتہائی ناگزیر ہیں۔ فورم سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین نیوٹک (NAVTTC) انجینئر قمر الاسلام راجہ نے معزز وزیراعظم محمد شہباز شریف کی دور اندیش قیادت، غیر متزلزل حمایت اور ترقی پسند اصلاحات و اسٹریٹجک اقدامات کے ذریعے پاکستان کے تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت (TVET) کے شعبے کو مضبوط بنانے اور بین الاقوامی تعاون، سرمایہ کاری اور مہارتوں کے فروغ کے لیے ان کے پختہ عزم پر دلی تشکر کا اظہار کیا۔ انہوں نے عزت مآب سید مصطفیٰ کمال، عزت مآب خلیل ہاشمی، معزز چینی اور پاکستانی مندوبین، ترقیاتی شراکت داروں، اور حکومت، صنعت و اکیڈمیا کے نمائندوں کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کا تعاون جدت، ٹیکنالوجی، مہارت اور انسانی سرمائے کی ترقی پر مبنی ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ مہارتیں ہی معاشی ترقی کی بنیاد ہیں، انہوں نے بین الاقوامی شراکت داریوں اور سرمایہ کاری کے ذریعے ایک انڈسٹری پر مبنی اور عالمی سطح پر مسابقتی ٹیویٹ (TVET) ایکو سسٹم بنانے کے لیے نیوٹک کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے پاکستان کے مہارتوں کے نظام کو مضبوط بنانے میں چین میں پاکستانی سفارت خانے اور چینی شراکت داروں کے انمول تعاون کو بھی سراہا اور زور دیا کہ آج کی اس گفتگو کو طویل مدتی ادارہ جاتی شراکت داریوں میں تبدیل کیا جائے جو پائیدار اقتصادی ترقی اور مشترکہ خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی نے فارماسیوٹیکل اور ہیلتھ کیئر کی صنعتوں کے درمیان سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور اسٹریٹجک شراکت داری کے ذریعے پاک-چین تعاون کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے صنعتی ترقی کی مدد، مسابقت کو بڑھانے اور پائیدار اقتصادی ترقی کو آسان بنانے کے قابل ایک ہنرمند افرادی قوت کی تیاری میں تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے کلیدی کردار پر روشنی ڈالی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نیوٹک، جناب محمد عامر جان نے نصاب کی تیاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی، ڈیجیٹلائزیشن، افرادی قوت کی ترقی اور صنعتی سرمایہ کاری میں پاکستانی اور چینی فارماسیوٹیکل کمپنیوں، ہیلتھ کیئر کے اداروں اور سرمایہ کاروں کے درمیان تعاون کے وسیع امکانات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بین الاقوامی سطح پر ہنر مند افرادی قوت تیار کرنے اور صنعت و تعلیمی اداروں (انڈسٹری-اکیڈمیا) کے درمیان ایسی شراکت داریوں کو فروغ دینے کے لیے نیوٹک کے عزم کا اعادہ کیا جو فارماسیوٹیکل اور ہیلتھ کیئر کے شعبوں میں جدت، مقامی سازی اور پائیدار ترقی کو فروغ دیں۔ اس فورم میں معروف چینی اور پاکستانی ٹیویٹ (TVET) اداروں کی جانب سے پریزنٹیشنز پیش کی گئیں، جس کے بعد اداروں کے درمیان باہمی ہم آہنگی (میچ میکنگ) کے سیشنز ہوئے جن کا مقصد اساتذہ کی تربیت، نصاب کی تیاری، مشترکہ سرٹیفیکیشن پروگرامز، خصوصی تربیتی مراکز، فیکلٹی کے تبادلوں اور افرادی قوت کی ترقی میں طویل مدتی تعاون کو فروغ دینا تھا۔ اس تقریب نے تکنیکی اور پیشہ ورانہ تعلیم کو مضبوط بنانے، صنعت اور تعلیمی اداروں کے روابط کو بڑھانے اور سرمایہ کاری، جدت طرازی اور پائیدار معاشی ترقی کے لیے مستقبل کی ضروریات کے مطابق افرادی قوت تیار کرنے کے لیے پاکستان اور چین کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ اس نے مہارتوں کے فروغ اور انسانی سرمائے کے تعاون کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان سدا بہار سٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ ※ کو آگے بڑھانے میں ایک اور اہم سنگ میل قائم کیا

بقیہ نمبر 44

حکومت نے نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے ذریعے بھی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ پاکستان میں تقریباً 3 کروڑ 24 لاکھ ایسے نوجوان موجود ہیں جو نہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں، نہ ملازمت میں ہیں اور نہ ہی کسی تربیتی پروگرام کا حصہ ہیں۔ اس طبقے کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسی لیے حکومت نے 2030 تک نئے لیبر فورس میں شامل ہونے والوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شرکت کو نمایاں طور پر بڑھانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

ڈیجیٹل پاکستان کا خواب نوجوانوں کے بغیر شرمندۂ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ اسی لیے لیپ ٹاپ اسکیم کو جاری رکھتے ہوئے لاکھوں طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی تک رسائی فراہم کی گئی ہے۔ اب تک چھ لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کیے جاچکے ہیں جبکہ مزید ایک لاکھ لیپ ٹاپ فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وزیراعظم ڈیجیٹل یوتھ ہب نوجوانوں کو تعلیم، روزگار، انٹرن شپ، اسکالرشپ اور کاروباری مواقع سے جوڑنے والا ایک جامع پلیٹ فارم بن چکا ہے۔ لاکھوں نوجوان اس پلیٹ فارم سے استفادہ کر رہے ہیں جو ڈیجیٹل دور میں ایک اہم پیش رفت ہے۔

تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کا بنیادی ستون ہوتی ہے۔ اسی لیے حکومت نے پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کے لیے 3 ارب روپے مختص کیے ہیں تاکہ مستحق اور باصلاحیت طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جاسکیں۔ مزید برآں دانش اسکول نیٹ ورک کی توسیع کے لیے 48.24 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ یہ منصوبہ خاص طور پر پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

نوجوانوں کی شخصیت سازی اور مثبت سرگرمیوں میں شمولیت کے لیے کھیلوں کے شعبے کو بھی خصوصی اہمیت دی گئی ہے۔ حکومت نے ٹیلنٹ ہنٹ یوتھ اسپورٹس لیگ اور جدید تربیتی مراکز کے قیام کے لیے 50 کروڑ روپے مختص کیے ہیں۔ اس کے نتیجے میں نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک کا نام روشن کرنے کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ مزید برآں پہلی مرتبہ نیشنل ای اسپورٹس پالیسی کی منظوری اور ای اسپورٹس مراکز کے لیے فنڈز مختص کرنا اس بات کی علامت ہے کہ حکومت بدلتے ہوئے عالمی رجحانات کو سمجھتے ہوئے نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرنا چاہتی ہے۔

ماحولیاتی تبدیلی بھی موجودہ دور کا ایک بڑا چیلنج ہے۔ پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ اسی لیے گرین یوتھ موومنٹ اور نیشنل والنٹیئر کور جیسے منصوبے نوجوانوں کو ماحولیاتی تحفظ، شجر کاری، آفات سے نمٹنے اور سماجی خدمات میں فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ یہ اقدامات نوجوانوں میں قومی ذمہ داری اور سماجی شعور کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوں گے۔

اگرچہ بجٹ میں نوجوانوں کے لیے متعدد امید افزا منصوبے شامل کیے گئے ہیں، تاہم ان کی کامیابی کا انحصار مؤثر عملدرآمد، شفافیت، میرٹ اور مسلسل نگرانی پر ہوگا۔ ماضی میں کئی اچھے منصوبے مطلوبہ نتائج حاصل نہ کر سکے کیونکہ ان پر مکمل عملدرآمد نہیں ہو سکا۔ اس لیے ضروری ہے کہ حکومت، نجی شعبہ، تعلیمی ادارے اور سول سوسائٹی مل کر ان پروگراموں کی کامیابی کو یقینی بنائیں۔

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان کا مستقبل اس کے نوجوانوں سے وابستہ ہے۔ اگر نوجوان تعلیم یافتہ، ہنرمند، خوداعتماد اور معاشی طور پر مضبوط ہوں گے تو ملک بھی ترقی کرے گا۔ مالی سال 2026-27 کا وفاقی بجٹ اس سوچ کی عکاسی کرتا ہے کہ نوجوان صرف مستقبل کے رہنما نہیں بلکہ آج کی ترقی کے بھی اہم شراکت دار ہیں۔ نوجوانوں پر کی جانے والی یہ سرمایہ کاری درحقیقت ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد رکھنے کی کوشش ہے۔ اگر یہ منصوبے کامیابی سے پایۂ تکمیل تک پہنچے تو پاکستان اپنی نوجوان آبادی کو ایک عظیم قومی قوت میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہوسکتا ہے، اور یہی ملک کی پائیدار ترقی اور روشن مستقبل کی ضمانت ہوگی

بقیہ نمبر 45

مذمت کرتے ہوئے اسے "شرمناک" اور "ریاست مخالف" قرار دیا ہے، ایسے بیانات پاکستان کے دفاع، سفارت کاری اور معیشت کو سیاسی مقاصد کے لیے نقصان پہنچانے والی سوچ کی عکاسی کرتے ہیں۔ اتوار کو اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ گزشتہ سال معرکۂ حق" میں پاکستان کی کامیابی سے متعلق نورین نیازی کا منفی بیان کسی بھی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ کیا کوئی پاکستانی ایسا بیان دے سکتا ہے اور اگر یہ ریاست مخالف نہیں تو پھر کیا ہے؟ وزیر مملکت نے کہا کہ گزشتہ ایک دہائی سے پی ٹی آئی کی قیادت مسلسل ایسے اقدامات کرتی آئی ہے جن سے قومی مفادات کو نقصان پہنچا۔ انہوں نے 9 مئی کے واقعات، سائفر کو سفارتی تعلقات متاثر کرنے کے لیے استعمال کرنے اور آئی ایم ایف کو خطوط لکھ کر پاکستان کو ڈیفالٹ کی طرف دھکیلنے کی مبینہ کوششوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ سب اسی سوچ کا تسلسل ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ایسی باتیں ان پاک فضائیہ کے بہادر پائلٹس اور افواج پاکستان کے جوانوں کی قربانیوں کی توہین ہیں جنہوں نے ملک کے دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ضلع جہلم سے تعلق رکھتے ہیں جہاں شہداء کی قربانیوں پر فخر کیا جاتا ہے اور ایسے بیانات شہداء کے اہلِ خانہ کے جذبات کو مجروح کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نورین نیازی کی جانب سے اب تک اپنے بیان کی نہ تو وضاحت کی گئی اور نہ ہی اسے واپس لیا گیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے مؤقف پر قائم ہیں۔ وزیر مملکت نے بتایا کہ اس معاملے پر قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور قومی سلامتی کے خلاف ایسے بیانیے کسی بھی معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ پاکستان نے "معرکۂ حق" میں بھارتی جارحیت کا مؤثر جواب دے کر کامیابی حاصل کی تاہم افسوس کہ بعض عناصر اس کامیابی کو قبول نہیں کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج کے خلاف نفرت پر مبنی بیانات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور اس حوالے سے قانونی کارروائی ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 46

بازار" منصوبے کے تحت 10 کروڑ 92 لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہونے والے سوہاوہ ماڈل بازار کا افتتاح کیا۔ افتتاح کے بعد انہوں نے بازار کا دورہ کیا، جہاں پیدل چلنے والوں کے لیے بہتر راستے، سٹریٹ لائٹس، سیوریج اور نکاسی آب سمیت جدید سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ضلع جہلم کے تینوں شہروں جہلم، دینہ اور سوہاوہ میں ماڈل بازار عوام کی سہولت اور خوبصورتی کے نئے معیار قائم کریں گے، جبکہ دینہ اور جہلم کے منصوبے بھی جلد مکمل ہوں گے۔ بعد ازاں بلال اظہر کیانی نے میونسپل کمیٹی ہال سوہاوہ میں کھلی کچہری منعقد کی، جہاں وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشیر صحت میجر جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر محمود کیانی بھی موجود تھے۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے چھ گھنٹے سے زائد وقت تک شہریوں کے مسائل سنے اور متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ان کے حل کے لیے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 47

بند، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، امدادی سرگرمیاں جاری، تفصیلات کے مطابق حالیہ بارشوں نے مانسہرہ کے کئی علاقوں میں تباہی پھیلا دی ہے جبکہ دریائے سرن میں شدید طغیانی نے بعض مقامات پر کھڑی فصلیں درجنوں درخت جڑ سے اکھڑ کر پانی کے تیز بہائی بہنے کی اطلاع ہے

بقیہ نمبر 48

آئی ٹی کے میدان میں آگے بڑھیں۔ پاکستان حکمرانوں اور جرنیلوں کا نہیں عوام کا اور ہم سب کا پاکستان ہے۔ جو لوگ ہمارے راستے روکنا چاہتے ہیں ہم ان کا راستہ روک دیں گے۔ آئین و دستور کے مطابق حکومت و ریاست کا فرض اور عوام کا حق ہے کہ مفت اور معیاری تعلیم دی جائے۔ کراچی میں ساڑھے تین ہزار سرکاری اسکول ہیں کسی میں بھی معیاری تعلیم نہیں ہے۔ حکمران طبقہ سینکڑوں ارب روپے تعلیم کا بجٹ کھا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر 49

لیں ٹی وی کے مطابق پاسداران انقلاب کی ایرو اسپیس فورس نے کارروائی کے دوران امریکی ڈرون کو نشانہ بنایا

بقیہ نمبر 50

عامر خان کی بین الاقوامی سطح پر شاندار کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی محنت، صلاحیت اور عزم کے ذریعے نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں پاکستانی قوم کا نام روشن کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، برداشت، ٹیم ورک اور مثبت سوچ کو فروغ دینے کا مؤثر ذریعہ ہیں، اس لیے کھیلوں کی سرپرستی اور نوجوان ٹیلنٹ کی حوصلہ افزائی وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 51

دشمن ایجنڈے پر بھارتی گودی میڈیا کے ساتھ مل کر پاکستان مخالف مہم کا حصہ بن چکی ہے۔ را سے منسلک بھارتی گودی میڈیا نورین نیازی کے معرکہ حق سے متعلق متنازع بیان کو خبروں کی زینت بنا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی نے سیاسی مفاد کیلئے ایک انٹرویو میں معرکہ حق پر افواجِ پاکستان کو بے جا تنقید کا نشانہ بنایا

بقیہ نمبر 52

درمیان دوطرفہ مذاکرات ہوں گے جن میں پاکستان اور کینیڈا کے تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ دونوں رہنما تجارت و سرمایہ کاری، تعلیم اور عوامی روابط کے شعبوں میں تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے جبکہ باہمی دلچسپی کی علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ کینیڈا کی وزیر خارجہ اپنے دورہ پاکستان کے دوران ملکی قیادت سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان خوشگوار دوطرفہ تعلقات قائم ہیں جن کی بنیاد مضبوط عوامی روابط اور کینیڈا میں مقیم متحرک پاکستانی کمیونٹی ہے۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 53

امریکا کو ناقابل فراموش سبق دیا جائے گا۔ ایران کے رہبر اعلیٰ سے منسوب بیان میں کہا گیا ہے کہ مفاہمتی یادداشت کی بار بار خلاف ورزی نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ امریکی صدر کے دستخط کی کوئی حیثیت یا اعتبار نہیں۔

بقیہ نمبر 54

کے نتیجے میں چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس حکام کے مطابق کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر واقع گروہ کے مقام پر یہ افسوسناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب محکمہ تعلیم کی بس کوئٹہ سے پنجگور جا رہی تھی۔

بقیہ نمبر 55

درمیان امریکا کی جانب سے مفاہمتی یادداشت کی مبینہ مسلسل خلاف ورزیوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و استحکام کیلئے مشاورت جاری رکھنے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 56

(PollEmployees) کو پلندری اور راولاکوٹ میں ملتوی کر دیا گیا ہے۔ تاہم، ریاست کے باقی تمام اضلاع میں ملازمین کی پولنگ طے شدہ شیڈول اور معمول کے پروگرام کے مطابق ہی ہوگی

بقیہ نمبر 57

ساتھ اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں دونوں ممالک نے گوشت کی برآمدات میں اضافے اور لائیو اسٹاک شعبے کی ترقی کیلئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا

بقیہ نمبر 58

پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے اہم ملاقاتیں کریں گے، جن میں باہمی تعلقات، سرحدی تعاون اور دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ کے ہمراہ ایک اعلیٰ سطحی وفد کی پاکستان آمد بھی متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 59

کا کہنا تھا کہ خواجہ آصف کے بارے میں بلاول کا رویہ اچھا نہیں تھا، ان کو ووٹ کے لیے نفرت کی نہیں بلکہ قومی لیڈر بن کر بات کرنی چاہیے، مسلم لیگ ن میں کسی کو لات مار کر نکالنے کی روایت نہ تھی اور نہ ہے۔

کاشف چوہدری الخدمت رازی ہسپتال CBR ٹاؤن اسلام آباد میں جدید بلڈ بینک کا افتتاح کر رہے ہیں

رازی ہسپتال CBR ٹاؤن میں جدید بلڈ بینک کا افتتاح

ادارہ درحقیقت ریاست کی ایک اہم ذمہ داری ادا کر رہا ہے، کاشف چوہدری

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الخدمت رازی ہسپتال CBR ٹاؤن اسلام آباد میں جدید بلڈ بینک کا افتتاح مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری نے کیا۔ ہسپتال کے میڈیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر فاروق نے کہا کہ الخدمت رازی ہسپتال دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے سے جدید طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے ہسپتال میں دستیاب علاج معالجہ، تشخیص، ایمرجنسی، لیبارٹری اور دیگر طبی سہولیات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مستحق اور نادار مریضوں کو معیاری اور بہترین طبی خدمات کی فراہمی ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے بلڈ بینک کے قیام سے مریضوں کو بروقت اور محفوظ خون کی فراہمی میں نمایاں بہتری آئے گی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

بہاولپور: 12 سالہ مبینہ موٹر سائیکل چور کے چرچے، ویڈیو سامنے آگئی

بہاولپور (مانیٹرنگ ڈیسک) محمدیہ کالونی سمیت شہر کے مختلف علاقوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

مالی میں فوجی قافلے پر حملہ، 50 اہلکار ہلاک

مالی (مانیٹرنگ ڈیسک) مالی میں ایک فوجی قافلے پر حملے میں کم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

پاکستان علاقائی تجارت کا مرکز بننے کی طرف گامزن نئے راستے فعال

تاشقند سے پاک ایران سرحد پر واقع گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے زرعی مشینری اور صنعتی خام مال کی ترسیل پہلے ہی شروع

ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کر کے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا، رپورٹ

باکو (آئی این پی) پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کو گوادر اور کراچی بندرگاہ سے منسلک کر کے علاقائی تجارت کا مرکز بننے کیلئے فعال اقدامات کر رہا ہے۔ آذربائیجان کے میڈیا دی کیسپیئن پوسٹ کے مطابق ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کیلئے افغانستان کو بائی پاس کرتے ہوئے نئے تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ دی کیسپیئن پوسٹ کے مطابق تاشقند نے پاک ایران سرحد پر واقع گبد ریمدان بارڈر کے ذریعے زرعی مشینری اور صنعتی خام مال کی ترسیل پہلے ہی شروع کر دی ہے۔ اپریل 2026 میں شروع کیے گئے کوریڈورز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

جن و انس کی تخلیق کا مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت، پیر نقیب

تعلیماتِ نبوی ﷺ بہترین تعلیم و تربیت کا سامان مہیا کرتی ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) دربار عالیہ عیدگاہ شریف کے سجادہ نشین و عالم اسلام کے ممتاز مذہبی و روحانی پیشوا پیر محمد نقیب الرحمن نے کہا ہے کہ رب رحمان قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے کہ جن و انس کی تخلیق کا مقصد یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔ اپنی تخلیق کے مقصد کو سمجھنے کے لئے تعلیمات نبوی ﷺ بہترین تعلیم و تربیت کا سامان مہیا کرتی ہیں۔ جیسا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد مبارک فرمایا کہ اپنی دنیوی زندگی کے لمحات کو اپنے لیے قیمتی بنا لو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پیپلز پارٹی دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائے، روبینہ خالد

کشمیری بھائیوں کے مسائل انکی دہلیز پر حل کریگی، چیئرپرسن بی آئی ایس پی کا خطاب

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ طاقت کا سرچشمہ صرف عوام ہیں پاکستان پیپلز پارٹی غیور کشمیری ووٹرز کے تعاون سے آزاد کشمیر انتخابات میں دو تہائی اکثریت سے کامیابی حاصل کر کے آزاد کشمیر میں بھی حکومت بنائے گی اور وزیر اعظم جیالا ہوگا انہوں نے ان خیالات کا اظہار مانسہرہ میں پارٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے ڈولفن اہلکاروں پر فائر کھول دیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان ڈولفن پولیس کی اعلیٰ کارکردگی دوران، چیکنگ مشتبہ افراد کو روکنے پر موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے ڈولفن اہلکاروں پر فائر کھول دیا، ڈولفن فورس کے نوجوانوں نے بہترین حکمت عملی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

کہوٹہ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت قبرستانوں کی صفائی مہم تیز

کہوٹہ (نمائندہ شہرنامہ) اسسٹنٹ کمشنر کہوٹہ شیریں گل کی ہدایت پر ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت تحصیل بھر میں صفائی مہم مزید تیز کر دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں شہر اور گردونواح کے قبرستانوں کی صفائی کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، جبکہ مرحلہ وار دیگر علاقوں میں بھی صفائی کا عمل جاری رکھا جائے

تھانہ نون پولیس ان ایکشن، بھاری مقدار میں غیر قانونی اسلحہ برآمد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلحہ سے پاک اسلام آباد مہم کے تحت تھانہ نون پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ڈیلر وسیم شاکر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے دو آٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

مانسہرہ، چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد کارکنان سے خطاب کر رہی ہیں

موسون ایمرجنسی؛ پی ڈی ایم اے کا آپریشنل عملے کو ہائی الرٹ رہنے کا حکم

پی ڈی ایم اے پنجاب کی انتظامیہ کو الرٹ جاری کرتے ہوئے نشیبی علاقوں اور حساس مقامات پر پیشگی حفاظتی انتظامات کی ہدایت

لاہور (آئی این پی) مون سون بارشوں کا نیا سسٹم پاکستان میں داخل ہو گیا جس کے اثرات کے باعث آئندہ 24 گھنٹوں میں لاہور سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں کہیں ہلکی اور کہیں تیز بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق لاہور میں دن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی پولیس کی کارروائی، 5 اغواء کار گرفتار

دو مغوی بحفاظت بازیاب، ملزمان سے دو گاڑیاں، قیمتی موبائل، نقدی برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ایئرپورٹ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ایئرپورٹ کے باہر سے شہریوں کے اغواء کے مقدمے کی تفتیش میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے دوران پانچ اغواء کاروں کو گرفتار کر لیا جبکہ دو مغویوں کو بحفاظت بازیاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

مری ڈی پی او رضا تنویر سپرا کی زیر صدارت لاء اینڈ آرڈر اجلاس، سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

مری (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مری رضا تنویر سپرا کی زیر صدارت ان آفس میں لاء اینڈ آرڈر اجلاس منعقد ہوا، جس میں امن و امان کی صورتحال اور سکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں سپیشل برانچ، سی ٹی ڈی اور دیگر اداروں کے افسران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ایس ایس پی قاضی علی رضا کا ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

چرچز اور اہم تنصیبات کی سکیورٹی کا جائزہ، افسران کو ہدایات جاری

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا اتوار کے روز فیلڈ میں موجود رہے۔ انہوں نے چرچز کی سکیورٹی، کیپیٹل پٹرول یونٹ کی ڈیوٹی اور شہر کے مختلف اہم ڈیوٹی پوائنٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

خاتون ٹیچر سے موبائل چھین کر فرار ہونیوالا ملزمان گرفتار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تھانہ گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تین روز قبل خاتون ٹیچر سے موبائل فون چھین کر فرار ہونے والے ملزم کو اسکے ساتھی سمیت گرفتار کر لیا، گوجرخان پولیس نے واقعہ کا مقدمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

رواں سال خسرہ سے 102 اموات، سندھ سرفہرست

سندھ میں 53، کے پی میں 27، پنجاب میں 15 اور بلوچستان میں 7 اموات

اسلام آباد (آئی این پی) رواں سال ملک بھر میں اب تک خسرہ سے اموات کی تعداد 102 ہو گئی۔ وفاقی وزارت صحت کے ذرائع کے مطابق اب تک ملک بھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

مری، جعفر بٹ کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

بھائی کی وفات پر شریکِ غم بانٹنے والوں کا مشکور ہوں، حنیف مغل

راولپنڈی (پ ر) ڈاکٹر محمد حنیف مغل چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد نے کہا ہے کہ میرے بھائی کی وفات پر شیر دل ٹیم کی جانب سے تعزیت کا اظہار کرنا اور سب دوستوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

بچوں میں HIV کی شرح تشویشناک حد تک بڑھی، ڈاکٹر عرفان جمیل

کراچی (آئی این پی) ماہر امراض اطفال ڈاکٹر عرفان جمیل نے کہا ہے کہ گزشتہ 4 ماہ کے دوران بچوں میں ایچ آئی وی میں غیر معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ ایک انٹرویو میں ڈاکٹر عرفان جمیل نے کہا کہ سندھ انفیکشس ڈیزیز اسپتال میں بھی ایچ آئی وی سے متاثرہ بچوں کے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

لاہور: معروف کاروباری شخصیت کو ایئرپورٹ سے حراست میں لے لیا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور میں معروف کاروباری شخصیت میاں ادریس کو ایئرپورٹ سے حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع نے کہا کہ میاں ادریس کا نام پی این آئی ایل میں شامل تھا، میاں ادریس لاہور ایئرپورٹ سے بیرون ملک فلائی کرنے لگے تو امیگریشن حکام نے روک لیا۔ ذرائع کے مطابق میاں ادریس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

مری کی معروف شخصیت جعفر بٹ کا انتقال، نماز جنازہ ادا

مری (نمائندہ خصوصی) ضلع مری کی معروف سیاسی، سماجی و کاروباری شخصیت جعفر بٹ بانسرہ گلی والے قضائے الٰہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

گوجرخان میں پانی بحران بلدیہ افسران کی نالائقی کا شاخسانہ، راجہ ضیاء الحق

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں پانی بحران نالائقی کا شاخسانہ بلدیہ افسران ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور شہریوں کو ہفتے میں دو سے تین دن تازہ و صاف پانی کی سپلائی کو یقینی بنائیں، معروف سیاسی و سماجی شخصیت راجہ ضیاء الحق، تفصیلات کے مطابق معروف سیاسی و سماجی شخصیت راجہ ضیاء الحق نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شدید گرمی اور حبس کے موسم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، چیئرمین تحریک شاد باد ڈاکٹر حنیف مغل سے شیر دل ٹیم کا تعزیتی اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS

شاہین پرنٹرز

جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ

ارجنٹ اینڈ ہول سیل

پینا فلیکس ڈیجیٹل

اورینجنل انک ڈیپارٹمنٹس

ایوارڈ شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر

ہیڈ آفس: عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی — سب آفس: ترامڑی چوک اسلام آباد

0333-5108083

0315-5108083

سائنسدان خود نئی ٹیکنالوجی تخلیق کریں، ڈاکٹر علی رضا

مسلسل سرمایہ کاری ہی پاکستان کو نمایاں مقام دلا سکتی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان اٹامک انرجی کمیشن ڈاکٹر راجہ علی رضا انور نے نوجوان سائنس دانوں پر زور دیا ہے کہ وہ صرف دوسری اقوام کی تیار کردہ ٹیکنالوجی استعمال کرنے والے نہ رہیں بلکہ خود نئی ٹیکنالوجی تخلیق کریں۔ انہوں نے کہا کہ سائنس، تحقیق اور انسانی وسائل کی ترقی میں مسلسل سرمایہ کاری ہی پاکستان کو مستقبل میں ترقی یافتہ، خود کفیل اور عالمی سطح پر نمایاں مقام دلا سکتی ہے۔ چیئرمین پی اے ای سی 51 ویں بین الاقوامی نتھیا گلی سمر کالج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

بنگلہ دیش صحافتی وفد کی دفتر جماعت اسلامی اسلام آباد آمد

پاکستانی عوام کے دل ہمیشہ اپنے بنگالی بھائیوں کیساتھ دھڑکتے ہیں، نصر اللہ رندھاوا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) بنگلہ دیش کے معروف قومی اخبار روزنامہ سنگرام کے چیف ایڈیٹر نورالامین نے اپنے وفد کے ہمراہ دفتر جماعت اسلامی اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وفد میں ڈاکٹر حسن البنا اور پروفیسر عاشق النبی بھی شامل تھے۔ وفد کا استقبال امیر جماعت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

بنگلہ دیش کے اخبار کے چیف ایڈیٹر کی وفد کے ہمراہ دفتر جماعت اسلامی اسلام آباد آمد کے موقع پر گروپ فوٹو

مری، تجاوزات و غیر قانونی تعمیرات کیخلاف آپریشن

چار گھنٹے تک جاری رہنے والے آپریشن میں سرکاری زمین پر قائم عمارت مسمار

مری (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی خصوصی ہدایات پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے حکم پر اے ڈی سی آر مری عمر اویس کیانی، ڈپٹی کنزرویٹر آف فاریسٹ (جنگلات) سدھیر مغل پیرا فورس، کے انچارج م ندیم گوہر کی زیر نگرانی محکمہ جنگلات کی اراضی پر قائم غیر قانونی تجاوزات کے خلاف احاطہ نور خان میں بھرپور گرینڈ آپریشن، آپریشن کی نگرانی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) عمر اویس کیانی اور ڈپٹی کنزرویٹر آف فاریسٹ (جنگلات) سدھیر مغل نے کی، جبکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

گوجرخان غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا جن بے قابو گرمی و حبس میں عوام بلبلا اٹھے

ایس ڈی او آئیسکو واپڈا سٹی اور ایکسین گوجرخان خواب خرگوش کے مزے لوٹنے لگے

زندگیاں عذاب بن گئیں عوامی حلقوں کا وزیر توانائی و حکام سے فوری نوٹس کا مطالبہ

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان اور گردونواح میں بجلی کی بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کا جینا محال کر دیا۔ آگ برساتے سورج اور قیامت خیز گرمی کے ساتھ بجلی کی طویل بندش نے عوام کو دوہری اذیت میں مبتلا کر دیا، مقامی آئیسکو حکام، بالخصوص ایس ڈی او اور ایکسین گوجرخان، عوامی شکایات کے ازالے کے بجائے مکمل طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

مری کے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں، شہلا رضا

دکانیں اور کاروباری مراکز بند، حکومت یادگاروں کو ہڑپ کرنیکی کوشش میں ہے

مری (بیورو رپورٹ) پی پی پی کی سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی و رکن قومی اسمبلی سیدہ شہلا رضا مری کا دورہ مری، سابق امیدوار برائے صوبائی اسمبلی محمد نذیر عباسی ایڈووکیٹ، سٹی صدر خالد محمود چوہدری، عاشق عباسی، صاقب عباسی سمیت پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے مری پہنچنے پر ان کا پرتپاک استقبال کیا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سیدہ شہلا رضا نے کہا کہ گزشتہ رات جب وہ مری پہنچیں تو تمام ہوٹل، دکانیں اور کاروباری مراکز بند تھے جبکہ جی پی او چوک کسی ویران شہر کا منظر پیش کرتا محسوس ہوا، انہوں نے کہا کہ حکومت اپنی مرضی سے سیکشن فور نافذ کر کے لوگوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

مری، پی پی رہنما شہلا رضا کا مری دورہ پر مقامی قیادت کے ہمراہ گروپ فوٹو

کارکنان آئندہ انتخابات کی تیاریاں کریں، خاقان خواجہ

پارٹی منشور ہر گھر تک پہنچنا چاہیے، چیئرمین عوامی قوت پارٹی کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ نے پارٹی کے تمام مرکزی اور صوبائی سطح کے عہدیداروں اور کارکنوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فوری طور پر آئندہ آنے والے انتخابات کے لیے تیاری کریں اور عوام کی دہلیز پر جا کر ان کے مسائل سنیں اور انہیں فوری حل کرنے کے لیے تجاویز دیں۔ انہوں نے یہ ہدایت پارٹی کی مرکزی اور صوبائی سطح کے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دی جس میں پارٹی کی سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین۔ پارٹی کے آفس سیکرٹری پروفیسر عمر حیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سیاسی و سماجی رہنماؤں کو عوامی قوت پارٹی میں شمولیت پر خاقان وحید خواجہ پارٹی پرچم پہنا رہے ہیں

اسلام آباد: انجمن خدام القرآن کا سمر کیمپ اختتام پذیر

96 طلبہ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے، ایک سالہ کورس کا بھی اعلان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) انجمن خدام القرآن کے زیر اہتمام پندرہ روزہ سمر کیمپ کی اختتامی تقریب قرآن کمپلیکس پیہونٹ میں منعقد کی گئی۔ اختتامی تقریب کی نظامت ہارون یونس نے بطریق احسن نبھائی، اس موقع پر انجمن خدام القرآن کے صدر حمزہ شاہد کا کہنا تھا کہ قرآن فہمی ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ اللہ کی توفیق سے سب کچھ ہوتا ہے، سمر کیمپ سے وقت مفید گزرا ہے 15 دن مسجد میں گزارنا توفیق ربی سے ہی ممکن ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اللہ سب کی کاوشوں کو قبولیت عطا فرمائے۔ انہوں نے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ امت کا مستقبل آپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

WAH INDUSTRIES LIMITED
WAH CANTT

TENDER NOTICE

1. Sealed bids are invited from reputed manufacturers, authorized distributors, suppliers, and eligible firms registered with the Income Tax and Sales Tax authorities for the **supply of Anti Rust Oil under Tender Enquiry No. 03/LP/Anti Rust Oil/155/WIL/2026-27 dated 16-07-2026,** required for the operational needs of Wah Industries Limited (WIL).

2. Tender Documents containing detailed specifications, eligibility criteria, bidding procedures, and terms & conditions may be downloaded from www.wahindustries.com.

3. Completed sealed bids must reach the **Bid Centre, Adjacent to Rabitta Hall, Box No. 13, Room No. 03, Quaid Avenue, Wah Cantt, Pakistan, by 1130 Hours on 05-08-2026.** Bids will be opened on the same day at **1200 Hours** in the presence of the bidders or their authorized representatives who wish to attend.

PID (I) 533/26

GM-P&L
Wah Industries-Limited
Head Office | Quaid Avenue, The Mall, Wah Cantt (Pakistan)
Tel: +92 (51) 9314381, +92 (51) 9055 23265, 23206, 21003, 23202
E-mail: procurement@wahindustries.com

معروف سماجی و سیاسی رہنما چوہدری اخلاق مہربان کا جیتنے والی ٹیموں کے ہمراہ گروپ فوٹو

اسلام آباد میں ہاکی کا میلہ؛ قدیر ہاکی کلب چیمپئن شپ کے دلچسپ مقابلے اختتام پذیر

قومی کھیل کے فروغ کیلئے قدیر ہاکی کلب کا اقدام، قابل تحسین ہاکی کھیل کو فروغ ملے گا

چیمپئن شپ میں رنگ جم گیا ہاکی کے دلچسپ مقابلے نوجوان ٹیلنٹ ابھر کر سامنے آگیا

6. ہاکی کی بحالی کیلئے مثبت قدم، قدیر ہاکی کلب کا احسن اقدام ہے، سید علی بخاری

کھیلوں سے صحت مند معاشرے کا قیام ممکن، قومی کھیل کا فروغ ضروری ہے چوہدری اخلاق مہربان

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) قدیر ہاکی کلب کے زیر اہتمام مختلف ہاکی اکیڈمیوں کی ٹیموں کے درمیان ہاکی ٹرافی چیمپئن شپ گزشتہ روز قدیر ہاکی کلب گراؤنڈ میں منعقد ہوئی، جس میں نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین سے خوب داد وصول کی۔ چیمپئن شپ کے دوران سنسنی خیز اور دلچسپ مقابلے دیکھنے کو ملے، جبکہ فائنل میچ نے حاضرین کو آخری لمحات تک اپنے سحر میں جکڑے رکھا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سابق امیدوار حلقہ این اے-48 علی محمد بخاری اور معروف سماجی و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

دنیا بھر میں فیس بک، انسٹاگرام سروسز متاثر، صارفین کو مشکلات

میٹا کی جانب سے اس حوالے سے کوئی بیان جاری نہیں کیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں سوشل میڈیا پلیٹ فارم فیس بک اور انسٹاگرام کی سروسز متاثر ہو گئیں، جس کے باعث صارفین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دنیا کے مختلف ممالک میں صارفین کو میٹا کی ان سروسز میں اکاؤنٹس تک رسائی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صارفین نے بتایا کہ جب بھی وہ ایپ یا ویب سائٹ پر سائن ان ہونے کی کوشش کرتے ہیں تو اکاؤنٹ کی عارضی عدم دستیابی کا میسج سامنے آتا ہے۔ اس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

امریکا نے دنیا بھر میں اپنے شہریوں کے لیے سفری الرٹ جاری کر دیا

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا نے دنیا بھر میں اپنے شہریوں کے لیے سفری الرٹ جاری کر دیا ہے۔ محکمہ خارجہ کی جانب سے امریکی شہریوں کو خبردار کیا گیا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

آئی جی اسلام آباد ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کا حکم

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس میں وفاقی دارالحکومت کی امن و امان کی صورتحال، انسدادِ جرائم کے اقدامات اور سنگین مقدمات کی تفتیشی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ تمام سینئر افسران کو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

ایکسپریس وے مری پر 2 ٹریفک حادثات، 2 زخمی

مری (نمائندہ خصوصی) ایکسپریس وے مری پر 2 ٹریفک حادثات، پہلا حادثہ نیو مری ڈنہ لنک روڈ پر ٹریفک پر پیش آیا، دو کاروں میں تصادم ہو گیا جسکے نتیجے میں 2 افراد زخمی ہو گئے، جبکہ دوسرا ٹریفک حادثہ ڈی ڈی سی کھجٹ ایکسپریس وے ہیوی بائیک پھسل گئی جسکے نتیجے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غزہ پر اسرائیلی فضائی حملے، 3 بچوں سمیت 11 فلسطینی شہید، اپارٹمنٹ تباہ

شمال مغربی غزہ شہر میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں پانچ افراد پر مشتمل ایک خاندان شہید

زیتون کے محلے میں اسرائیلی توپ خانے کی گولہ باری کے بعد تین فلسطینیوں کی لاشیں اور دو زخمی ملے، سول ڈیفنس ایجنسی

غزہ (آئی این پی) اسرائیل نے غزہ میں تازہ حملے میں تین بچوں سمیت کم از کم 11 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے مطابق، شمال مغربی غزہ شہر میں ایک رہائشی اپارٹمنٹ پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں پانچ افراد پر مشتمل ایک خاندان، تین بچے اور ان کے والدین شہید ہو گئے۔ ایجنسی کے ترجمان، محمود بسال نے کہا خاندان کا واحد زندہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

اے ٹو زیڈ فارمیسی کے 2 سال مکمل، سٹاف کو انعام مل گیا

دعا ہے اللہ تعالیٰ مزید کامیابیوں سے نوازے، راجہ ہارون

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اے ٹو زیڈ فارمیسی مین لہتراڑ روڈ شاہین ٹاؤن کی دوسری سالانہ انونسری تقریب جس میں ہر دل عزیز شخصیت چیئرمین وی او ایچ راجہ محمد ہارون دھنیال اور وائس چیئرمین وی او ایچ راجہ کامران عابد دھنیال کی خصوصی شرکت ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

سعودی اور کویتی وزرائے خارجہ کی خطے میں ایرانی حملوں کی مذمت

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب اور کویت کے وزیر خارجہ نے خطے کے ممالک پر ایران کی جانب سے کیے جانے والے حملوں کی مذمت کی ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق سعودی وزیر خارجہ شہزادہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

SHEHAR NAMA Islamabad

شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں

★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔

★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے

★ آپ کا حق تلف کیا گیا

★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے

★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں

★ آپ آگر قبضہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں

★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے

★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں

★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

Email:sheharnama@gmail.com

0333-5196088 051-2240356